**Khawaja Mohammad Safdar :** We will take the amendment later on. This is the first reading.

**Mr. Chairman :** He is opposing this Bill being considered at once.

چوہدری محمد حنیف خان : جناب چیئرمین یہ بل ایسا تو نہیں تھا - کیونکہ اس میں تو انڈسٹریل اینڈ کمرشل اسٹیبلشمنٹ میں جو کارکنان ہیں - ان کو Relief دی گئی ہے - -/35 روپے اور وہ اس لئے دیے گئے ہیں کہ اس سال کے آغاز میں چیزوں کی قیمتوں میں اضافہ ہوا - اس سے حکومت نے یہ فیصلہ کیا کہ سرکاری ملازمین جو کہ -/700 تک تنخواہ لیتے ہیں - ان کو یہ امداد دی جائے -/35 روپے Dearnessallowance کی شکل میں اور ساتھ ہی ساتھ یہ مناسب خیال کیا گیا جو انڈسٹریل اینڈ کمرشل اسٹیبشامنٹ میں ملازمین کام کرتے ہیں - ان کو بھی اس قسم کا allowance دیا جائے - -/700 روپے کی حد تک -/35 روپے پورے دیے - اگر کسی آدمی کو -/710 روپے تک ملتے تھے تو اس میں -/25 روپے شامل کر دیے گئے اور یہ ایک آرڈیننس کی شکل میں آ گیا تھا - جو بل پاس ہوا تھا 17 - ستمبر 73 کو نیشنل اسمبلی نے اسے پاس کر دیا تھا - اس کے بعد یہ سٹینڈنگ کمیٹی میں آیا - سٹینڈنگ کمیٹی نے اسے پاس کر دیا - کیا معزز ایوان کے سامنے فاضل ممبر یہ بتلا سکتے ہیں - کہ کیوں oppose کر رہے ہیں -/35 روپے کے دینے میں - اگر انھیں -/35 روپے دینے میں اعتراض ہو تو وہ بتائیں -

خواجہ میں صفدر : جناب چیئرمین - جہاں تک اس بل کے بنیادی اصول کا تعلق ہے - بظاہر اس سے اختلاف نہیں کیا جا سکتا - مجھے اس بات کی انتہائی مسرت ہے - محترم وزیر صاحب نے آج اس بات کو اس ایوان میں سان لیا ہے - اور اعتراف فرمایا ہے کہ اس ملک میں سال رواں میں اس کے ابتدا میں قیمتیں بڑی سرعت سے بڑھی ہیں - حالانکہ اس حکومت کے بعض انتہائی ذمہ دار افراد بزرگ اور دوست اس سے پہلے بار بار اعلان کر چکے ہیں - کہ قیمتوں میں اضافہ باعث رحمت ہے - جب ہم کہتے ہیں کہ بھائی اس قیمتوں کے اضافے کو روکیں - تو ہمیں کہا جاتا تھا کہ اس سے ملک کے 85 فیصد آبادی کو فائدہ پہنچ رہا ہے - مجھے خوشی ہے کہ محترم وزیر محنت نے اس بات کا احساس فرمایا ہے جس محکمے کا ان سے تعلق ہے - یعنی مزدور - وہ لوگ جو کہ مقررہ آمدنی ماھوار یا ہفتہ وار حاصل کرتے ہیں - جسے figures Income group کہا جاتا ہے - خواہ وہ سرکاری ملازمین ہوں خواہ وہ غیر سرکاری اداروں میں ملازم ہوں - خواہ کسی گروپ کسی ادارے سے متعلق ہوں - یا کسی کارخانے میں کام کرتے ہوں - مجھے خوشی ہے کہ انھوں نے ان کی امداد کے لئے محترم وزیر صاحب نے اس گروپ کے لیے ، جو سب سے زیادہ گروپ ہے اس کی امداد کے لیے یہ اقدام اٹھایا ہے -

لیکن میں جناب چیئرمین نہایت ہی ادب سے میں محترم دوست وزیر محنت کی خدمت میں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ آپ نے مرض کی درست تشخیص فرمائی ہے - جو علاج آپ کرنا چاہتے ہیں - یعنی اس مرض کا علاج آپ نے تجویز کیا ہے - اس میں کوئی مناسبت نہیں - خدا را اس میں مناسبت پیدا کی جائے - میرا اعتراض یہ ہے کہ قیمتوں میں اضافہ اور اشیائے صرف کی قیمتوں میں اضافہ اور اس بڑھوتی -/35 روپے ماہوار اور اس اضافے میں کوئی ربط پیدا کیا جائے -

اگر اس میں مناسبت نہیں تو آپ کی یہ بڑھوتی بیکار ہے ، ضائع ہے ، گورنمنٹ پر بوجھ

ہے - میں اس موقع پر اس ایوان میں یہ ثابت کرنے کی کوشش کروں گا کہ اس میں کوئی ربط نہیں ہے - جو ریلیف ، جو امداد آپ تجویز کر رہے ہیں اور قیمتوں میں اضافہ جس کا آپ نے اعتراف فرمایا ہے اس میں کوئی ربط نہیں ہے ، کوئی تناسب ہی نہیں اور جب تک ان کو متناسب اور توازن میں نہیں لایا جائے گا اس وقت تک اس قسم کے نیم دلانہ اقدامات سے کسی کو کوئی فائدہ نہیں پہنچے گا - جناب چیئرمین - میں آپ کی اجازت سے اس ایوان کے معزز اراکین کی خدمت میں یہ گزارش کروں گا - کہ ہمیں یہ سمجھنے کے لیے کہ قیمتیں کس حد تک بڑھی ہیں اور فی کس آمدنی کیا ہے اس کے لیے ہمیں اعداد و شمار کی ضرورت پڑے گی اور مجھے اجازت دیجئے - جناب چیئرمین - کہ میں اس امر کے لیے حکومت کے شائع کردہ اعداد و شمار پر انحصار کر سکوں - حضور والا - یہ بات قطعی طور پر ڈھکی چھپی نہیں کہ اس ملک میں جیسا کہ پاکستان اکنامک سروے کے ابتدائی صفحات یعنی صفحہ 8 پر یہ درج ہے کہ اس ملک میں 100 روپے تک آمدنی والے کنبوں تعداد 9-4 فی صد ہے اور 100 سے 250 روپے ماہانہ اوسط آمدنی والے کنبوں کی تعداد 1-95 فی صد ہے یعنی اس ملک میں ہمارے مفلوک الحال اور غریب لوگوں کا یہ حال ہے کہ 5-68 فی صد کنبے اس ملک میں ایسے ہیں جن کی آمدنی 250 روپے سے کم ہے یعنی تقریباً اس ملک کی آبادی کا ⅚ ایسا ہے جس کی آمدنی 250 روپے سے کم ہے - یہ ہمیں پاکستان اکنامک سروے نے بتایا - میں 700 روپے ماہوار آمدنی والے کنبوں کی بات نہیں کر رہا ہوں - میں ابھی minimum آمدنی پانے والے یعنی 250 روپے سے کم آمدنی والے کنبوں کی بات کر رہا ہوں جس میں کہ بہت بڑی اکثریت ہمارے مزدوروں کی ، ہمارے ملازمین کی خواہ وہ سرکاری ہوں یا غیر سرکاری ، آ جائے گی - تو میں یہ عرض کرتا ہوں کہ یہ اس آمدنی کو کیسے صرف کرتے ہیں - خوراک پر ان کا کیا صرف ہوتا ہے ، کپڑوں پر کیا صرف ہوتا ہے - ایندھن پر کیا خرچ کرتے ہیں وغیرہ وغیرہ - تو - جناب والا - اس کے لیے میں اس ایوان کی توجہ آپ کی وساطت سے 25 years of Pakistan in statistics یہ Control Statistical Office, Economic Affairs Division نے شائع کی ہے - اس کے صفحہ 285 پر ویسٹ پاکستان میں شہری آبادی کی ضروریات زندگی کے اخراجات کا تناسب - مجھے افسوس ہے کہ یہ سال 69-1968ء کے متعلق ہے باوجود کوشش کے میں اس کے بعد کے اعداد و شمار حاصل نہیں کر سکا - کوشش کروں گا کہ ان سے کچھ اندازہ ہو سکے - تو جناب آپ دیکھیں کہ 250 روپے آمدنی والے لوگ اپنی آمدنی کا 8-55 فی صد خوراک پر صرف کرتے ہیں اور کپڑوں اور جوتوں پھر 1-10 فی صد اور جناب والا - 3-10 فی صد مکان کا کرایہ اور ایندھن وغیرہ پر 0-6 فی صد خرچ کرتے ہیں - یہ 250 روپے آمدنی والے لوگوں کا تناسب ہے کہ وہ اپنی آمدنی کو کس طرح صرف کرتے ہیں - یہ 69-1968ء میں ان کا تناسب تھا - اب جناب آگے بڑھیے کہ ہماری قیمتوں کا انڈکس یا نقطہ کیا ہے - 69-1968ء میں کیا تھا اور آج کیا ہے - جب جناب یہ تناسب تھا جیسا کہ میں نے عرض کیا ہے - تو اس وقت لاہور میں قیمتوں کا انڈکس 63-122 فی صد عام شہری ضروریات کا تھا اور خوراک کا 42-126 ، کپڑوں وغیرہ کا 160 تھا - یہ 1966-67 base year ہے یعنی 20 فی صد کے لگ بھگ اضافہ ہوا ہے اور تقریباً 5 فی صد ، 12 فی صد اضافہ ہوا ہے - تو اب آئیے کہ اس کے بعد کیا ہوا - اب جناب جون 1972ء میں عام ضروریات زندگی کی قیمتیں بجائے 122 کے 192 ہو گئیں یعنی ان میں 30 نقطوں کا اضافہ ہوا اور خوراک کی قیمتیں 126 سے بڑھ کر 173 ہو گئیں یعنی اس میں 50 نقطوں کا کم و بیش اضافہ ہوا اور کپڑے کی قیمتیں 107 سے 117 ہو گئیں یعنی 10 نقطوں کا اضافہ ہوا لیکن یہ بات تو جون 1972ء کی ہے -

جناب چیئرمین : بہت دور نہ جائیں -

خواجہ محمد صفدر : detail میں نہیں جا رہا ہوں -

چوہدری محمد حنیف خان: مجھے موقع مل رہا ہے۔ میں بہت سی چیزیں کہنا چاہتا ہوں تا کہ خواجہ صاحب کی تسلی ہو جائے۔ میں چاہتا ہوں کہ خواجہ صاحب یہ باتیں کریں تا کہ میں فاضل ممبران کی خدمت میں عرض کر سکوں کہ ہم نے مزدورں کے لیے کیا کیا ہے۔ انھوں نے کوشش ہی نہیں کی یہ معلوم کرنے کی کہ مزدورں کے لیے اس حکومت نے کیا کچھ کیا ہے۔

خواجہ محمد صفدر: میں جناب بالکل اپنی حدود کے اندر ہوں۔ بنیادی بات میں نے پہلے عرض کی ہے۔ میں اپنے اس نقطہ کو develop کر رہا ہوں۔ کیونکہ مجھے 1968-69ء کے بعد کے اعداد و شمار نہیں مل سکے۔ اس لیے میں نے اس کو base رکھا ہے ورنہ اس کی ضرورت نہیں تھی۔ یہ آپ کے شائع کردہ اعداد و شمار ہیں۔ مارچ 1973ء میں وہی جو 1972ء کے جون میں خوراک کا نقطہ تھا وہ 173 سے بڑھ کر 229 ہو گیا۔ یعنی مارچ میں جو عام ضروریات زندگی کا نقطہ تھا وہ بڑھ کر 186-70 ہو گیا اور اس کے بعد جناب ستمبر تک کے اعداد و شمار مل سکے ہیں۔ پہلے خوراک کا نقطہ 250 تھا اور جون 1972ء کے بعد اس وقت تک سرکاری اعداد و شمار کے مطابق 100 نقطوں کا اضافہ ہوچکا ہے۔ خوراک اور عام ضروریات زندگی کا نقطہ جو ہے ستمبر کو وہ 235-80 تھا۔ اس میں 85-49 اضافہ ہوچکا ہے۔ اب یہ کنڈیشن ہے۔ اور یہ میں یقین سے کہہ سکتا ہوں اور میرا یہ تجربہ بھی ہے کہ مجھے انحصار تو انھیں پر کرنا ہے۔ یہ اعداد و شمار قیمتوں کے متعلق ہیں۔ جو بازار میں قیمتیں ہیں یہ ان سے بہت پیچھے ہیں۔

میں مہنگائی کی طرف اس وقت آؤں گا۔ جب اس پر عام طور پر بحث ہوگی۔ میں تو اپنے آپ کو محدود رکھ رہا ہوں۔ میں مانتا ہوں کہ مہنگائی ہوئی ہے۔ لیکن میں تو اتنی سی بات عرض کر رہا ہوں کہ اس مہنگائی میں اور مہنگائی الاؤنس میں توازن پیدا کر لیا جائے۔ اب جناب ایک سال میں قیمتوں میں 100 نقاط کا اضافہ ہوا ہے تقریباً تقریباً۔ تو اگر ہم ان کی اس بڑھوتی کو دیکھیں۔ اوپر سے شروع کریں تو سات سو روپے لینے والے کے لیے ۳۵ روپے تو اس حساب سے ان کے لیے 5 فیصد۔ اور جو پانچ سو روپے لینے والے ہیں ان کو سات فیصد ملا اور 300 روپے لینے والے کو 12 فیصد ملا۔ یعنی ڈھائی سو روپے۔ تین سو روپے لینے والے کی آمدنی میں 12 فیصد اضافہ ہوا۔ لیکن قیمتوں میں کم و پیش۔ کم و بیش اگر تین گنا نہیں تو دو گنا اضافہ ہر صورت میں ہو چکا ہے۔ اب یہ فرمایے کہ جو آدمی اپنے 250 میں سے 9 فیصد کے حساب سے 15 روپے شہر میں رہنے کے لیے 69-68 میں مکان کرایہ دے سکتا تھا۔ کیا آج وہ پندرہ روپے کا مکان کرایہ پر لے سکتا ہے یا جو شخص 250 روپے میں سے 50 فیصد کے حساب سے 125 روپے اپنے اور اپنے ماں بچوں کی خوراک پر صرف کرتا تھا کیا آج وہ آدمی 125 روپے میں اپنا اور اپنے بال بچوں کا۔ اپنے کنبے کا جن کی اوسط تعداد 5-5 ہے۔ ان کا پیٹ پال سکتا ہے۔ موٹی سی بات ہے۔ میں اس بات کو اتنا لمبا پھیلانا نہیں چاہتا آپ کہتے ہیں کہ ہمیں کم آمدنی والے طبقے سے۔ مزدوروں سے ہمدردی ہے۔ تو میں کہتا ہوں کہ مجھے بھی ان سے ہمدردی ہے وہ میرے بھی بھائی ہیں لیکن میں کہتا ہوں کہ ان کے ساتھ اس طرح ہمدردی کی جائے کہ ان کا کچھ بن جائے میرا مدعا یہ ہے۔ لیکن پھر یہاں ایک سوال پیدا ہو جائے گا۔ شاید میرے فاضل دوست سمجھیں کہ میں یہ چاہتا ہوں کہ 35 روپے کی بجائے اس اضافے کو 350 روپے کر دیا جائے تو یقین جانیے میرا مطلب یہ نہیں ہے۔ کیونکہ مجھے معلوم ہے کہ جتنا ان کی آمدنیوں میں اضافہ ہوگا۔ میرے بھائیوں کی آمدنیوں میں اضافہ ہوگا۔ اتنی ہی اس ملک میں Inflation بڑھے گی جو کہ محترم وزیر خزانہ کے نقطہ نظر سے اس ملک میں قیمتوں کے بڑھنے کا سب سے بڑا سبب ہے اور میں بھی اس کو جانتا ہوں بجائے اس کے ان کی یعنی مزدوروں

کی ملازمین کی Flood income group سے ان کی تنخواہیں دوگنی کر دی جائیں اور ساتھ ہی قمتیں بھی دوگنی ہو جائیں - تو مسئلہ پھر بھی اقتصادی اعتبار سے حل نہیں ہوگا - اصل مرض یہ ہے کہ قیمتوں میں اضافے کو روکا جائے - اشیائے خوردنی اور اشیائے صرف کی قیمتوں کو اعتدال پر لایا جائے - اصل بات یہ ہے کہ ۳۵ روپے کی ماہیت کیا ہے ، ان کی قیمت کیا ہے - اگر قیمتیں وہیں کی وہیں موجود رہیں تو اس سے مزدور کو فائدہ ہو گا ؟ اگر ۳۵ روپے ملتے ہیں تو اگلے روز قیمتوں میں 50 فیصد اضافہ ہو جاتا ہے - تو ان بچاروں کی حالت تو پہلے سے بری ہوگی ، اس لیے میں وزیر محنت کی خدمت میں درخواست کروں گا کہ میں قطعاً اعتراض نہیں کروں گا وہ گورنمنٹ کا کیس جو چاہیں بیان کریں - اگر وہ اس بل کے سکوپ سے باہر بھی جائیں گے تو میں پھر بھی اعتراض نہیں کروں گا - میں ان کو point out نہیں کروں گا - میری طرف سے ان کو کھلی چھٹی ہے -

جناب چیئرمین : آپ دونوں راضی ہوں گے تو قاضی کو کیا اعتراض ہو سکتا ہے -

خواجہ محمد صفدر : لیکن میں نے جو باتیں کہی ہیں ان کا جواب دیں کہ اس بڑھوتی اور چیزوں کی مہنگائی میں جو اضافہ ہوا ہے اس میں کوئی تناسب ہے اگر اس میں کوئی مناسبت نہیں تو آپ کو راستہ تلاش کرنا ہوگا تا کہ قیمتوں میں اضافے اور مہنگائی الاؤنس کوئی ربط پیدا کیا جائے -

جناب شہزاد گل : جناب چیئرمین جہاں تک موجودہ بل کا تعلق ہے - اصولی طور پر کسی کو اس بل سے اختلاف نہیں ہوگا بلکہ میں تو یہاں تک کہوں گا کہ وزیر محنت کی خدمت میں مبارکباد پیش کرنی چاہئیے کہ انہوں نے وقت نکال کر لوگوں کی مصیبتوں کو مدنظر رکھ کر اس بل کو introduce کیا ہے لیکن جناب والا جس طرح میرے محترم دوست خواجہ صاحب نے فرمایا ہے کہ ابھی اس بل میں ایک خامی ہے جس تناسب سے قیمتوں میں اضافہ ہوا ہے - اسی تناسب سے جو اضافہ دیا جا رہا ہے - وہ بہت کم ہے - میں دوبارہ اس کی Repetition نہیں کرنا چاہتا -

جناب چیئرمین : میں آپ کو اتنا کہوں گا کہ جو دلائل انہوں نے پیش کیے ہیں - جو باتیں انہوں نے کہی ہیں ، وہ بار بار نہ کریں یہی بات انہوں نے کہی ہے - یہی بات آپ نے کی اور اس کے ساتھ یہ بھی کہتے ہیں کہ میں Repeat نہیں کرتا -

جناب شہزاد گل : آگے جا رہا ہوں جناب -

جناب چیئرمین : اس کو repeat نہ کریں - آگے جائیں اور کوئی ایسی بات کہیں جو انہوں نے نہ کہی ہو -

What I mean to suggest is that you should avoid repetition. That is my request avoid repetition.

جناب شہزاد گل : جناب تمہید میں خواہ مخواہ اتنی بات آ جاتی ہے - دوسرا اعتراض جو اس بل کے خلاف اٹھایا جا سکتا ہے وہ یہ ہے کہ اس بل کا دائرہ بہت محدود ہے اس میں چار Categories دی گئی ہیں Factories Act Shops and Restaurants اور Road Transport - اور اس میں وہ تمام چھوٹے ملازمین - وہ تمام مزدور نہیں آتے - لہذا جو لوگ اس بل کے دائرے سے باہر ہیں ان کے لیے بھی کوئی مناسب ترمیم اگر ہو سکتی ہے تو وزیر محنت مہربانی فرما کر کریں تا کہ اس کا اطلاق ہر طبقے کے مزدوروں پر اور چھوٹے ملازمین پر بھی ہو سکے -

جناب چیئرمین : اس قسم کی کوئی ترمیم آپ لائے ہیں ۔

**Mr. Chairman:** But he cannot bring amendment. The amendment has to be brought by you, you can bring amendment.

جناب شہزاد گل : دوسرا ۔ یعنی مزید کوئی دوسرا بل پیش کریں ۔

جناب چیئرمین : کیسے دوسرا بل پیش کر سکتے ہیں ۔

جناب شہزاد گل : یعنی جو لوگ اس بل کے دائرے سے رہ جاتے ہیں ان کے لیے بھی کچھ کیا جائے ۔

جناب چیئرمین : وہ تو amendment نہیں لا سکتے ۔

That you know he cannot bring amendment to his own will.

جناب شہزاد گل : تیسری بات ہے کہ برسرقتدار پارٹی نے اپنے انتخابی منشور میں چھوٹے طبقے کے ملازمین کے مفاد کے سلسلے میں بڑے وعدے کیے تھے جس کے نتیجے میں لیبر اصلاحات نافذ کی گئی ہیں ۔ لیکن افسوس کی بات یہ ہے کہ آج تک Minimum wages کا تعین برسراقتدار پارٹی نے نہیں کیا ہے ۔ اس سلسلے میں میری یہ گزارش ہے کہ جب تک Minimum wages کا تعین نہیں ہوتا ہے ۔ مزدور طبقہ کو اس وقتی امداد سے کوئی فائدہ نہیں پہنچ سکتا ہے اور ان کی بھلائی کے سلسلے میں اگر حکومت کچھ کرنا بھی چاہے تو سب سے پہلے جو چیز بہت ضروری ہے وہ ہے کہ Minimum wages کا تعین کیا جائے ۔

جناب چیئرمین : کیا وہ اس بل کے scope سے باہر نہیں ہوگا ۔

**Ch. Mohammad Hanif Khan:** That is a saprate fund.

**Mr. Chairman:** Am I correct.

**Ch. Mohammad Hanif Khan:** Absolutely Sir.

**Mr. Chairman:** You confine yourself to the prove principles of the Bill. That is a different matter.

اس بل کے ساتھ اس کا کیا تعلق ہے ۔ بہت سی اچھی باتیں آپ ہم کو بتلا سکتے ہیں کہ یہ ہونا چاہیے ۔ یہ ہونا چاہیے ۔

جناب شہزاد گل : تیسرے کے سلسلے میں یہ بھی گزارش کر رہا تھا کہ چونکہ اب تک Minimum wages کا تعین نہیں ہو سکا ہے اور صرف 35 روپے کا اجرتوں میں اضافہ کیا گیا ہے لیکن اب تک کم سے کم اجرتیں مقرر نہیں ہوئی ہیں کہ کم سے کم اجرتیں کیا ہیں ۔ اگر ایک شخص کو 35 روپے مل سکیں گے تو اس کو اتنا فائدہ نہیں پہنچے گا ۔ اس لیے میری یہ گزارش ہے کہ اگر گورنمنٹ کم سے کم اجرتوں کا تعین کر دے تو پھر اس اضافے سے ہم کو یہ معلوم ہوگا کہ کس کی آمدنی میں اتنا اضافہ ہوا ہے ۔ اگر کسی شخص کی تنخواہ سات سو روپیہ ماہوار ہے تو اس کو 735 روپے ملیں گے ۔ لیکن کم سے کم تنخواہ پانے والے نچلے طبقے سے متعلق افراد خواہ وہ مزدور ہی کیوں نہ ہوں ان کی تنخواہ

میں اسی ایکٹ کے پاس ہونے سے کتنا اضافہ ہو سکے گا - اور اس کی تنخواہ کس حد تک حقیقی ہو سکے گی اسی طریقے سے جناب والا - میرے دوست نے فرمایا ہے کہ اس وقت جو اصلی علاج ہے وہ یہ ہے ملک کے اندر چور بازاری عام ہے - یہاں Smuggling اور بلیک مارکیٹنگ ہو رہی ہے اور ساتھ ہی ساتھ قیمتوں کے اندر ان وجوہ کی بنا پر اضافہ ہو رہا ہے تو یہ 35 روپے کا اضافہ اتنا زیادہ نہیں ہے کہ اس اضافہ سے مزدور یا چھوٹے ملازم طبقے کی حالت بہتر ہو سکے - لیکن پھر بھی Some thing is better than nothing والا معاملہ ہے کہ کچھ نہ کچھ اس کے حصے میں پڑ ہی جائے گا - اس لیے اصولی طور پر جس نے اس بل سے اختلاف نہیں کیا ہے - بلکہ ان کی خدمت میں علامہ اقبال کا ایک مصرع عرض کرتا ہوں

ع سمندر سے ملی پیاسے کو شبنم    تجلی ہے یہ رزاق نہیں ہے -

برسر اقتدار پارٹی نے اپنے منشور میں مزدوروں سے جو وعدے کیے تھے وہ اس کو پورا کریں اور جو اقدامات ان کی بہتری کے لیے وہ کر سکتے ہیں کریں تا کہ ان کی حالت بہتر ہوسکے -

**Mr. Naimatullah Khan :** Respected Chairman, Sir, I support the step of the Government......

**An Honourable Member :** Sir, I wanted to speak......

**Mr. Chairman :** انہوں نے از خود بولنا شروع کر دیا ہے اب انہیں بول لینے دیجئے

**Mr. Naimatullah Khan :** I support the step taken by the Government for increasing the salary of the low class people and I also agree with the leader of the Opposition that this increase was low......

**Mr. Chairman :** Who is the leader of the Opposition ?

**Mr. Naimatullah Khan :** Khawaja Safdar.

**Mr. Chairman :** No, he is not the leader of the Opposition.

**Ch. Mohammad Aslam :** Point of order, Sir. The Honourable Member has mentioned low class of people. There is no such class, as low class.

(*Interruptions*)

**Mr. Naimatullah Khan :** I agree with some Members of this august House that increase is not in proportion to the increase in the prices of commodities. This is quite low. What I would like to say is that on the account of the rise in the world prices and on account of devaluation of money increase in the prices of commodities was imminent. What I suggest is that and I will request the Honourable Members of the House to bring forward their suggestions to remedy this thing. We should not bring this thing as a controversy but we should come forward with concrete suggestions, just to cooperate with the Government in trying to overcome this problem. The Honourable Members should cooperate with the Government and bring to the notice of the District authorities the methods of reducing the prices commodities and how to distribute the commodities to other classes and areas, to rural and urban areas. So, we should cooperate with the

Government in these things. There is no question of whether a good suggestion is coming from which member of the House, if it is really good suggestion it should be willingly accepted and I think the Government Benches will also give wholehearted support to any such suggestion coming from and quarter and then the Government should try to convince this House of the steps taken by it for the betterment of the common man. Thank you.

**Mr Chairman :** Thank you. Yes, Haji Sahib.

**Haji Syed Hussain Shah :** Sir, I may be allowed to add something more to the information of this august House that the rise in the cost of living in Pakistan is due to inflation which is the result of devaluation of Pakistan currency. Inflation is not an international phenomenon these days but what is not international is the way it is done. Every nation's economy has its own peculiarities which must be taken into consideration before anti......

**Ch. Mohammad Aslam :** Point of order. The Hon. Member is reading his statement, which he cannot do.

**Haji Syed Hussain Shah :** No, Sir. I am not reading it. I have got some points which I am looking at.

**Mr. Chairman :** Under the rules, he cannot read a written statement. He is just referring to his written notes. Methods so used in England were in America are completely different from those. We in Pakistan have failed to realise this for curbing inflation. We have tried to use monetary methods which are primarily designed for developed countries. In theory the devaluation means cheaper exports and more expensive imports, but this will happen only if the items we are exporting are......

**Mr. Tahir Mohammad Khan :** Point of order, Sir. From the absence of your attention, the member is again reading from the paper. Sir, he saw that your astention is divided, so he is again referring to some written speech, Sir.

**Mr. Chairman :** آپ کو معلوم ہونا چاہیئے کہ میں مشورہ تو کر سکتا ہوں اور میں کر بھی سکتا ہوں ۔

I was just watching him reading, but I am showing some latitude. He is not actually reading, he is only refreshing his memory from his written notes. I think this is maiden speech.

حاجی صاحب ان کو صرف اعتراض یہ ہے کہ آپ تقریر نہ پڑھیں ۔ آپ اس سے امداد لیجیئے ۔

**Haji Syed Hussain Shah :** Export means exportable goods which will be sold more and importable items will be sold at higher prices in the home market.

**Mr. Chairman :** I do not thing I accept that it is relevant. There are so many good things to say, but we are concerned with the Bill under discussion.

**Haji Syed Hussain Shah** : The Bill is due to inflation, sir and this is the result of devaluation of Pakistani rupee. If we allow such increasing wages and prices are free Sir, this will happen everyday and there should be some check on the value of prices.

*(At this stage the Chair was racated by Mr. Chairman and occupiedby Mr. Deputy Chairman.)*

**Haji Syed Hussain Shah** : If devaluation is not controlled by taking up appropriate steps such as freezing of prices and wages, we shall have to devalue again and again. There shall be no increase actually Sir because devaluation is nothing but a short end to temporary cut to a permanent problem of imbalance of payments. Such steps are taken by Governments which want to please the people by showing increased exports, but ignoring the real danger of such steps. Prevailing conditions in the country call for a sensible economic policy and not for these measures. Now I request Sir that this increase in wages should be first and last and there should be no increase in the wages and prices of essential commodities should be checked. That is what I had to say. Thank you very much.

راؤ عبدالستار : جناب والا اب جو وزیر محنت نے اس معزز ایوان میں جو قانون پیش کیا ہے - میں اس کی پر زور تائید کرتا ہوں - جناب والا میرے فاضل دوست خواجہ محمد صفدر صاحب نے ایک سادے سے بل جس میں مراعات کے لیے کہا گیا ہے - اس میں صرف 35 روپے کا اضافہ ہوا ہے کہ جن کی تنخواہیں سات سو روپے سے کم ہیں ان کو یہ مراعات دینے کی کوشش کی گئی ہے -

جناب والا! یہ بل بالکل سادہ ہے اور یہ ہمیں معزز وزیر نے عوام کی فلاح و بہبود کے لئے اس ایوان میں پیش کیا ہے کہ جن لوگوں کی تنخواہیں اس معیار پر نہیں اترتیں ہیں - اور جیسا کہ خواجہ صفدر صاحب نے مہنگائی کا رونا رویا ہے - میں ان کی خدمت میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ واقعی ہمارا ملک ترقی پذیر ہے under developed ہے اور اس ملک کو مہنگائی کا مسئلہ درپیش ہے - اس کے متعلق میں آپ کی خدمت میں عرض کرتا ہوں کہ دنیا کے سب ممالک سے اس مملکت خدا داد پاکستان میں سب سے قیمتیں بہت کم ہیں - ذرا آپ اپنے ہمسایہ ملک کو دیکھیں ......

مولوی ظفر احمد نعمانی : پوائنٹ آف آرڈر - جناب والا میری گذارش یہ ہے کہ اگر کسی چیز کی قیمت ہمارے ہمسایہ ممالک میں کم ہو یا زیادہ ہو - اس چیز پر بحث نہیں کی جا سکتی ہے - میرے معزز اور محترم دوست نے یہ فرمایا ہے کہ دوسرے ممالک کے مقابلے میں ہمارے ملک میں بعض چیزوں کی قیمتیں بہت کم ہیں ........

**Ch. Mohammad Hanif Khan** : Is it a point of order Sir ? It is a speech.

جناب ڈپٹی چیئرمین : مولانا صاحب آپ تشریف رکھیں - دیکھئے رول نمبر 209 ہے - جو یہ کہتا ہے -

"A point of order shall relate to the interpretation or enforcement of these rules or such Articles as regulate the business of the Senate and shall raise a question which is within the cognizance of the Chairman."

So it is not relevant.

خواجہ محمد صفدر : جناب والا میں یہ ........

جناب ڈپٹی چیئرمین : یہ بھی قاعدہ نہیں ہے کہ ان کی طرف سے آپ جواب دیں اور آپ اپنی رائے کا اظہار کرنا شروع کر دیں - آپ کو تقریر کرنے کا موقع ملے گا - لیکن جو کچھ یہ کہہ رہے ہیں یہ دیکھنا ہے کہ رول سے تو باہر نہیں ہیں -

**Khawaja Mohammad Safdar :** But Sir this point of order......

**Mr Deputy Chairman :** Your point of order is ruled out of order.

جناب ڈپٹی چیئرمین : میرے خیال میں شاید یہ بھی قانون میں نہیں ہے کہ آپ اس انداز سے بحث کرنا شروع کر دیں - میں ان کو صرف رول نمبر 209 کا حوالہ دے رہا ہوں تو اس لئے میں نہیں سمجھتا کہ جو کچھ آپ نے فرمایا ہے - اس کے Scope میں ہے - اس لیے آپ کی بات پوائنٹ آف آرڈر کے زمرے میں نہیں آتی ہے -

راؤ عبدالستار : جناب والا ! خواجہ صفدر صاحب نے facts & figures پوچھے ہیں - ان کا جواب تو وزیر موصوف ہی دیں گے - وہ latest facts & figures چاہتے ہیں - میں صرف یہ بتانا چاہتا تھا کہ واقعی مہنگائی ہوئی ہے - لیکن میرے حزب اختلاف کے فاضل دوست جو رونا رو رہے ہیں اس میں اصلیت نہیں ہے مہنگائی واقعی ہے - اگر نہ ہوتی تو آج وزیر موصوف کو کیا ضرورت تھی کہ -/35 روپے کے اضافے کا بل اس معزز ایوان میں پیش کرتے یہ ٹھیک ہے کہ مہنگائی ہوئی ہے - لیکن اس حساب سے نہیں ہوئی جس حساب سے حزب اختلاف نے شور مچایا ہے کہ اتنی زیادہ مہنگائی ہو گئی ہے - ٹھیک ہے دنیا میں اس کا trend ہے - ساری دنیا میں مہنگائی کا مسئلہ درپیش ہے - پاکستان میں بھی مہنگائی ہوئی ہے - اس کو ہم accept کرتے ہیں - لیکن آپ دیکھیں کہ عوامی حکومت نے عوام کا معیار زندگی بلند کرنے کے لیے purchasing power زیادہ کرنے کے لئے - عوام کی فلاح و بہبود کے لیے جو پروگرام شروع کیے ہیں - حزب اختلاف کے میرے فاضل دوست نے کہا ہے کہ پارٹی کا پروگرام اور منشور یہ تھا - میں اس معزز ایوان میں یہ یقین دلانا چاہتا ہوں کہ ہماری پارٹی نے بڑے غور و غوض کے بعد یہ پارٹی کا پروگرام اور منشور مرتب کیا تھا - اور انشاء اللہ تعالیٰ ہم اس کو پانچ سال کے عرصے میں (اپنے اس دوران میں) پورا کریں گے - ہم عوام کا معیار زندگی بلند کریں گے - ہم انشاء اللہ تعالیٰ اس ملک میں سے غربت افلاس کو ، نا اہلیت کو ، ناخواندگی کو ختم کریں گے - اور اس وقت ایک ایسا معاشرہ اس ملک میں ترتیب دیں گے جو اسلامی سوشلزم پر مبنی ہو گا جو مساوات محمدی پر مبنی ہوگا - میں صرف یہی گزارش کرنا چاہتا ہوں کہ جہاں تک اس بل کا تعلق ہے - یہ عوام کی فلاح و بہبود کے لیے ہے جو پاکستان پیپلز پارٹی نے اس عوام کے ساتھ وعدہ کیا تھا - اس لیے میں اس معزز ہاؤس سے التجاء ، التماس اور اپیل کروں گا کہ وہ اس ایوان کا زیادہ وقت ضائع کیے بغیر اس -/35 روپے کے اضافے کے بل کو جلد از جلد پاس کیا جائے - مجھے پارٹی لیڈر ہونے کے بعد سے اپنے خیالات کا اظہار کرنے کا پہلا موقعہ ملا ہے - میں ان سے صرف یہی التماس کرنا چاہتا ہوں کہ میں سارے ممبران کا تہ دل سے شکر گزار ہوں انہوں نے مجھ پر جس اعتماد کا اظہار کیا ہے - میں انشاءاللہ تعالیٰ خدا کے فضل و کرم سے اس کو پورا کرتا رہوں گا - اس ہاؤس کے وقار اور prestige کو ٹھیس نہیں پہنچنے دوں گا - جہاں تک میرے حزب اختلاف کے دوستوں کا تعلق ہے میں ان سے باقاعدہ رابطہ قائم رکھوں گا - ان کا جو بھی نیک اور مفید مشورہ ہوگا وہ انشا اللہ تعالیٰ میں قبول کروں گا - ہم مل جل کر اس ہاؤس میں اچھی tradetions قائم کریں گے - کیونکہ ہمارا یہ پہلا ہاؤس ہے - پہلا Senate ہے - آئندہ جو لوگ سینٹ میں آئیں گے ہم ان کے لیے مشعل راہ

ثابت ہوں گے - میں زیادہ ٹائم نہیں لینا چاہتا - بڑے التماس کے ساتھ میں اپیل کروں گا کہ اس بل کو جلد از جلد پاس کیا جائے - شکریہ -

مفتی ظفر علی نعمانی :* جناب والا ! میں چند باتوں میں بہت مختصر گذارش کروں گا کہ ایک طرف ہمارے اس معزز ایوان کے اندر حکومت کے افراد ہمارے معزز وزراء کھل کر کہہ رہے ہیں کہ مہنگائی رفتہ رفتہ بڑھائی جا رہی ہے - یعنی بڑھ نہیں رہی بلکہ بڑھائی جا رہی ہے - تاکہ عوام کا معیار زندگی بلند ہو - اس کا علاج اس طرح سے کیا جاتا ہے کہ -/35 روپے ماہانہ مزدوروں یا ملازموں کو دیے جا رہے ہیں - میں یہ گزارش کروں گا کہ مہنگائی جو بڑھ رہی ہے یا بڑھائی جا رہی ہے - اس کا اثر پاکستان کے پورے عوام پر پڑ رہا ہے - اور جہاں تک میرا خیال ہے کہ گورنمنٹ کے ملازمین کو چھوڑ کر ملوں کے اندر مزدور ملازمین جو کہلاتے ہیں ان کی تعداد پندرہ لاکھ سے زیادہ نہیں ہے - اور آپ غور فرمائیں کہ -/35 روپے صرف چند افراد کو مل رہے ہیں - حکومت جو مہنگائی بڑھا رہی ہے اس کی زد میں تقریباً پورا ملک پورا پاکستان آ رہا ہے -

حضور والا ! یہ بالکل کھلی بات ہے کہ بعض چیزوں کی مہنگائی مقصداً بڑھائی جا رہی ہے - وہ یا تو یہ ہے کہ ہماری غلط پالیسی ہے یا یہ کہیے کہ جو منصوبے ہم بنا رہے ہیں وہ بالکلا غلط نااہل طریقے پر بنا رہے ہیں - میں یہ گذارش کروں گا کہ میں ایک موٹی مثال دیتا ہوں کہ بلیچنگ پوڈر جو ہوتا ہے - جب ہمارے ملک میں اس کا کوئی کارخانہ نہیں تھا تو دو تین کمپنیاں باہر سے بھیجتی تھیں - یہ بھی نہیں کہا جا سکتا کہ اس کا خرچ بہت بڑھ گیا ہے - بلیچنگ پوڈر یہاں آیا تو گورنمنٹ کا ٹیکس بڑھ گیا - اب 130 ، 135 ، 145 روپے ڈرام تک بکتا ہے - جب ہمارے ملک میں دو فیکٹریاں لگائی گئی تھیں اس وقت ہمارے ملک میں بلیچنگ پوڈر -/65 سے -/80 روپے ڈرام تک بکتا تھا - ایک ڈرام سو پونڈ کا ہوتا ہے - اس کے بعد جب گورنمنٹ نے ان دو فیکٹریوں کو Nationalize کر لیا تو اب اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ ہمارے ملک کا پیدا شدہ بلیچنگ پوڈر جو تھا اس کی قیمت تقریباً -/650 روپے ہو گئی - اب جو باہر سے آتا تھا اس کی قیمت اس سے بھی زیادہ بڑھ گئی - آپ خود انصاف فرمائیں اور بتائیں کہ اس طرح سے یہ قصداً مہنگائی کی گئی ہے تا کہ ملک میں افراتفری ، بدحالی اور پریشان حالی پیدا ہو - لوگوں کا منہ بند کرنے کے لیے -/35 روپے دئے ہیں تاکہ لوگ خوش ہو جائیں - جن کو -/35 روپے مل گئے وہ تو خوش ہو گئے لیکن ریلوے کے قلی کو بازار میں کام کرنے والے کو کھیتوں میں کاشت کرنے والے کو کھیتوں میں گوڈی کرنے والے کو ، سرمایا داروں اور وڈیروں کے ہل چلانے والوں کو -/35 روپے کہاں سے ملیں گے ؟ کیا آپ نے کوئی ایسا قانون بنایا ہے کہ ان کو بھی -/35 روپے دئے جائیں - یہ تو کوئی علاج نہیں ہے - اس کا اصل علاج یہ ہے کہ مہنگائی کو کسی صورت سے کنٹرول کیا جائے اور بڑھنے نہ دیا جائے یا پھر یہ کیا جائے کہ جس طرح گورنمنٹ برطانیہ کے زمانے میں جب جنگ شروع ہوئی تو مہنگائی تیزی سے بڑھی - گورنمنٹ نے اپنے پیسے سے چیزیں خرید کر سستی دوکانیں کھولیں - ان میں ضروریات زندگی کی ہر چیز بہت سستی دی گئی یعنی کہ پرانی قیمت پر دی گئی جوکہ سستے زمانے میں ہوتی تھی - اس سے سب کا فائدہ اور بھلا ہوا یہ -/35 روپے سے پندرہ لاکھ ، چلو زیادہ سے زیادہ چالیس لاکھ ، عوام کو فائدہ پہنچ رہا ہے - مگر اس مہنگائی سے ساڑھے سات کروڑ عوام متاثر ہو رہے ہیں - یہ کہاں کا انصاف ہے کہ ایک طرف تو مہنگائی بڑھائیں - اس لیے کہ عوام پریشان حال رہیں اور دوسری طرف ان کے لیے

---

* Speech not corrected by the Honourable Senator.

کیا بھی کچھ نہ جائے ۔ ان کے لیے بھی کوئی علاج کیا جائے ۔ جو چھوٹے چھوٹے مزدور روز کے چار پانچ روپے پانے والے ہیں سب سے زیادہ غریب تو وہ لوگ ہیں ۔ ایک تنخواہ پانے والے سے زیادہ غریب ہیں ۔ کیونکہ کسی روز انہیں مزدوری ملتی ہے ۔

**Ch. Mohammad Hanif Khan :** Point of order. The honourable member absolutely irrelevant. He has not said even a single word. about this bill He is making political capitcal out of it. It is a more waste of time.

**جناب ڈپٹی چیئرمین :** آپ دو باتوں کا خیال رکھیں ۔ ایک تو یہ کہ جو گفتگو ہو چکی ہے ۔ اس کو دہرائیں نہیں تو مناسب ہے اور دوسرا یہ کہ جو پوائنٹ بہت سے دوستوں نے اپنی تقاریر میں کیے ہیں ہاؤس میں Repetition کی اجازت نہیں ہوتی ۔ آپ گفتگو جاری رکھیں لیکن ان دونوں کا خیال رکھیں ۔

**مولانا ظفر علی نعمانی :** میں گفتگو ختم کرتا ہوں ۔ میں ایک مولوی کی حیثیت سے مولویانہ بات سناتا ہوں کہ پرانے زمانے میں ایک مرتبہ یہ مہنگائی ہوئی تھی ۔ شاہ محمد غوث ایک بہت بڑے بزرگ گزرے ہیں اور وہ بادشاہ وقت تھے ۔ ایک دفعہ وہ شکار کے لیے گھومتے گھومتے ایک کسان کے گھر آئے تو انہوں نے کہا کہ مجھے پانی پلاؤ ۔ اس نے کہا کہ انار کا رس ہے ۔ اس نے ایک انار کو نچوڑا تو پورا گلاس بھر گیا ۔ بادشاہ بڑا خوش ہوا ۔ بادشاہ نے کہا کہ ایک اور گلاس پلاؤ پھر ایک انار کو نچوڑا تو ایک پاؤ رس نکلا ۔ پھر دوسرا اور تیسرا حتیٰ کہ چھ اناروں سے گلاس بھرا تو بادشاہ نے پوچھا کہ یہ کیا معاملہ ہے ؟ پہلے تو ایک انار سے گلاس بھرا گیا ۔ اب چھ انار نچوڑے ہیں تو گلاس بھرا ہے ۔ کسان نہیں سمجھتا تھا کہ وہ ہمارا حاکم وقت اور سرکار عالیجاہ بیٹھا ہوا ہے ۔ کسان نے کہا کہ معلوم یہ ہوتا ہے کہ ہمارے حاکم وقت کی نیت میں فتور آ گیا ہے ۔ اس لیے یہ بے برکتی ہوئی ہے ۔ اس نے کہا کہ یہ ٹھیک ہے ۔ واقعی جب اس کی نیت میں یہ بات آئی تھی کہ انار پر ٹیکس بڑھا دیا جائے تو رس کم ہو گیا ۔

حضور والا ۔ یہ ٹیکس بڑھا کر ملک کو فائدہ نہیں پہنچایا جا رہا ۔ وعدہ بھی پورا نہیں ہو رہا ۔ مہنگائی کو روکنے کا تدارک کیا جائے ۔ اگر آپ اس کی اجازت دیں کہ کسی روز اس معزز ایوان میں مہنگائی کے مسئلے پر بحث ہو کہ مہنگائی کے کیا اسباب ہیں ؟ ۔ آخر کس وجہ سے پیاز آلو کی تمام چیزیں اتنی مہنگی ہوئی ہیں ۔ کیا یہ کرنسی کی کمی کی وجہ سے بڑھی ہیں لیکن جو چیزیں ہمارے ملک میں پیدا ہوتی ہیں ۔ صحیح معنوں میں ان کی قیمت بڑھانے کا کوئی جواز نہیں ہے ۔

**Mr. Deputy Chairman :** Any other Honourable Member would like to speak.

**Mr. Kamran Khan :** Mr. Chairman, Sir, I have the disadvantage of speaking at the feg end of the debates as most of the points have been covered by honourable Members who spoke before me. However, I have to make certain submission before the House. I have to touch upon the colossal problems that these country is facing today. The relief of Rs. 25/- per month given to the employees is not adequate. Soon after the announcement of to this relief, what was givent by one hand was taken away with the other hand by the Government in the shape of increase on prices of vegetable gee, sugar, kerosene, diesel oil and several other items. The prices of trucks which are assembled, or semi-manufactured in Government control industries were raised from 80,000 to 1,40,000 rupees without any

rgyme or reason with the result that transportation cost fell on the commodities, which shot up, altimately to be borne by the consumers. The fixed income group is so much depressed, oppressed and suppressed that they connot think of any thing except to make both ends meet by one way or the other. There are families who are selling belongings, the women fold their jewelleries or whatever they have, in order to exist; I would not call living. It is not living, it is a sub-human existence. The average income that was quoted by my learned friend Khawaja Safdar to be of a family in this country near about Rs. 250/- I beg to differ with him. He has relied on official sources of information which are not correct. Those are the happy ones in the society who draw Rs. 250/- per month. But the majority of the people to day in this country earn an income of less than Rs. 100 per and look at the dependents that they have to support which number 3/4 persons in a family. I would like the Honourable Minister to inform this House as to how can a family drawing Rs. 100 a month can balance his budget. Sir, promies were made with regard to food, cloth and housing. Now, today, not only the people balonging to this group but people higher up drawing Rs. 2000/- even they cannot dream of building a house or owning a house. The remedy lies somewhare else not in druggin. We have to perform a major operation. I do not believe in negative politics and my party does not believe in negative economic politics. With one stroke of pen our currency was devalued by 130% and now excuses are made that the price hike is consequent upon devaluation as if devaluation in this country was forced by some foreign country.

**Sardar Mohammad Aslam** : On a point of order Sir. The honourable member is making a critical speech. He should confine himself to the Bill.

**Mr. Kamran Khan** : I belong to a political party which has it economic programme like your party. I must criticise you on the economic field and on the economic front.

جناب ڈپٹی چیئرمین : آپ تشریف رکھیں ایک منٹ - آپ اچھے خاصے پڑھے لکھے لوگوں میں سے ہیں - اس رول میں ان تمام باتوں کے لیے گنجائش موجود ہے آپ اگر اس میں رول 187 دیکھیں -

187. A motion that the policy or situation or statement or any other matter be taken into consideration shall not be put to the vote of the Senate, ..........

اگر آپ چاہتے ہیں کہ موجودہ گورنمنٹ کی خامیوں پر تنقید کریں - تو آپ کو پورا حق ہے - اس کے لیے آپ کو ایک موشن لانا پڑے گا - جہاں تک debate کا تعلق ہے تو جو بھی issue before the House ہے اس کے اوپر گفتگو فرماسکتے ہیں - اگر آپ irrelevant بات کریں گے تو یہ ہمارے لیے مجبوری ہوگی - ہم آپ کو روکیں گے کہ آپ relevant بات کریں - یہ آپ کا right ہے -

**Mr. Kamran Khan** : So, Sir, remedy does not lie by giving a relief of Rs. 35, or Rs. 40, or Rs. 50 a month, they would not make any difference. I really appreciate the sentiment of my friend Mr. Niamatullah Khan that this country belongs to all and we have to live here—in the Opposit on or in the Treasury benches. We have to swim or sink together—God for bid there should be no sinking. So, we must concentrate on building up the economy of our country. Mr. Deputy Chairman, have I gone astray?

**Mr. Deputy Chairman** : No, please continue.

**Mr. Kamran Khan** : There is a very simple rule of Economics which rules the economic condition of any country, and that is, the rule of supply and demand. You increase production, you increase supplies, there will be no shortages and there will no increase in prices. There are storages because of Government control. This has been my experience that wherever Government stepped in, whenever Government controlled the prices immediately shot up and there is black-marketting and hoarding.

There are people from the Treasury Benches who have been making speeches outside ascribing shortages and black-marketting to certain capitalists of this class or that class. I could suggest that they should catch hold of those capitalists and monopolists and hang them in the Raja Bazar but I know their limitations.

**Mr. Deputy Chairman** : I fear that once again this is not within the scope of the debate. Hanging persons may be a very good suggestion.

**Mr. Kamran Khan** : Rs. 35/- that you are giving is it relief for the common man and for certain group of people of the society or is it just a waste of money. Naturally if you really want that the people should benefit then all these things come within the ambit of this thing. That I would not suggest because it has always failed and more so in our country, in our society. What I would suggest is that we should develop this country economically and economic development in my humble opinion is not possible without massive foreign investment. You have to create conditions to attract foreign investment specially from the Arab countries who have got millions and billions of dollars lying in American and European panks. No effort whatsoever has been made so far to attract that money. But, Sir, money does not go after sentiments alone. Money requires certain conditions. It is a very sensitive thing. You have to have the right atmosphere for it. You will have to have peace and tranquility in the country; you will have to have political atmosphere for it; there should be no confrontation. There should be rule of law in this country.

**Sardar Mohammad Aslam** : Point of order. The Honourable Member is discussing the political situation in the country or the Bill on Rs. 35 relief?

**Mr. Deputy Chairman** : Mr. Kamran will you please once again consult Rule 197? it is that the Chairman after having called the attention of the Senate of the conduct of a Member who persists in irrelevance or in tedious repetition either of his own arguments or of arguments used by other members in debate may ask him to discontinue. I fear that for the third time I would not be able to defend you.

**Mr. Kamran Khan** : The point that I was just making has not been brought to the Notice of this august House by any of my learned friends and I would humbly request the Honourable Minister to give this suggestion a serious consideration. If you bring Arab money to Pakistan and develop this country industrially and agriculturally, that is the answer.

**Mr. Deputy Chairman** : This is not within the scope of this Bill.

**Mr. Kamran Khan :** That is the proper answer. This dragging of the load will take us nowhere. Finally one thing which of course does not concern this Bill so much but there is a problem which is confronted by the people of my area is that the relief of Rs. 35/- which was announced by the Government for the Government servants has not been granted to the Swat Militia and Swat police, Certain categories have been left out and I would humbly suggest to the Honourable Minister to take a view of this and give the same relief to these poor Government servants of Swat. Thank you.

جناب ڈپٹی چیئرمین : شیر محمد خان آپ اپنی تقریر براہ کرم پانچ منٹ کے اندر اندر ختم کرنے کی کوشش کریں -

جناب شیر محمد خان : جناب والا اس بل کے بنیادی مقصد سے حزب اختلاف اور حزب اقتدار کے کسی رکن کو بھی اختلاف نہیں ہے - خود حزب اختلاف کے ایک معزز رکن نے اپنے الفاظ میں محترم وزیر محنت کو مبارک باد دی ہے - اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ جو بل بھی حکومت کی صرف سے پیش کیا جاتا ہے خواہ اس کا تعلق غریب لوگوں کی فلاع سے ہو یا وہ کوئی اور بل ہو ، میں نہایت عزت اور ادب کے ساتھ عرض کروں گا کہ اپوزیشن کے ارکان اس کی خوامخواہ مخالفت کرتے ہیں اور نفی سیاست پر یقین رکھتے ہیں - ان کا عقیدہ نفی سوچ اور تخریبی سیاست پر ہے - چاہیے تو یہ تھا کہ اپوزیشن والے بھی اس قسم کے بل کی حمایت کرتے کیونکہ اس بل کا بنیادی مقصد سات سو روپے تک تنخواہ پانے والے ملازمین کو 35 روپے مہنگائی الاؤنس دینا ہے - وہ لوگ جو صنعتی اور تجارتی اداروں میں کام کرتے ہیں ، ان میں سے بعض تو ایسے ہیں جو ٹریڈ یونین کی بنیاد پر اپنے متعلقہ صنعتی اور تجارتی اداروں سے کوئی Bargain کرتے ہیں اور بعض ایسے ادارے بھی ہیں جن میں کوئی ٹریڈ یونین نہیں ہے - ان کے حقوق کے تحفظ کے لیے اگر کوئی ٹریڈ یونین مشترکہ Bargain کرے یا نہ کرے تو حکومت نے ان ملازمین کے حقوق کے تحفظ کے لیے یہ بل پیش کیا ہے - ان لوگوں کو قانونی حق دیا گیا ہے کہ ان کو بھی مہنگائی الاؤنس دیا جائے - اس سے کسی کو انکار نہیں کہ ملک میں مہنگائی کا رحجان بڑھ رہا ہے - اور اسی مقصد کے لیے یہ بل پیش کیا گیا ہے - اگر حکومت کی کسی پالیسی سے حزب اختلاف کو اتفاق نہیں ہے تو وہ باقاعدہ ایک قرار داد لا سکتے ہیں اور اس پالیسی پر تنقید کی جا سکتی ہے وہ جس قدر بھی بولنا چاہیں بول سکتے ہیں - جناب والا اگر اپوزیشن کے اراکین اس بل میں کوئی ایسی قابل قبول ترمیم پیش کرتے جس کا مقصد مزدوروں کا مفاد ہوتا تو اس پر بحث ہو سکتی تھی - لیکن اب چونکہ یہ بل حکومتی پارٹی اور لیبر منسٹر کی طرف سے پیش کیا گیا ہے اس لیے اپوزیشن اس کی مخالفت کرتی ہے اور یہ مخالفت برائے مخالفت کے علاوہ کچھ بھی نہیں - ان الفاظ کے ساتھ میں اس بل کی پر زور تائید کرتا ہوں اور آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں -

جناب ڈپٹی چیئرمین : مسٹر نرگس زمان کیانی -

جناب نرگس زمان خان : جہاں تک اس بل کا تعلق ہے جس کے متعلق ایوان کے ارکان صاحبان فرداً فرداً اپنے اپنے خیال کا اظہار کر چکے ہیں - گویا میری گذارشات کی اب ضرورت تو نہیں تھی - لیکن میں ایک بات عرض کروں گا - جو کہ اس بل کے متعلق ہے - ملک کے غریب مزدوروں کسانوں اور خاص طور پر درجہ چہارم کے ملازم ہیں ان کے متعلق ہے میرے قابل احترام حزب اختلاف کے دوست صاحبان جو تشریف فرما ہیں - میرے خیال میں انھوں نے یہ فرض سمجھ لیا ہے کہ عوامی حکومت کی طرف سے جو بل پیش کیا جائے اس

پر اعتراض ضرور کرنا چاہیے ۔ خواہ وہ قرانی آیات کی شکل میں ہو خواہ وہ بالکل حقیقت پر مبنی ہو ۔ انھوں نے آپس میں یہ طے کیا ہے ۔ کہ یہ ایوان میں حزب اختلاف نہیں کہلا سکتی میرے دوستوں نے یکے بعد دیگر جو حزب اختلاف سے تعلق رکھتے ہیں ۔ اس قسم کا ذکر کیا ہے ۔ بلکہ اقرار کیا گیا ہے جہاں تک چور بازاری ... ... ...

خواجہ محمد صفدر : یہ اقرار کیا ہے کہ اس کا مطلب ہے کہ حزب اختلاف چور بازاری کروا رہی ہے ۔

## (مداخلت)

جناب ڈپٹی چیئرمین : جہاں تک میں سمجھتا ہوں ۔ حزب اختلاف نے بھی چور بازاری کا تذکرہ کیا ہے ۔ اس سے زیادہ میں نے نہیں سنا ۔

خواجہ محمد صفدر : اپنا ریکاڈ دیکھ لیجئے

جناب نرگس زمان خان : میں نے یہ اظہار کیا ہے ۔ میں نے صرف یہ کہا ہے کہ چور بازاری کے متعلق آپ سب نے اقرار کیا ہے ۔

خواجہ محمد صفدر : اظہار کیا گیا ہے ۔ اقرار نہیں ۔ اس کا مطلب ہے کہ حزب اختلاف چور بازاری کروا رہی ہے ۔ جہاں تک میں سمجھتا ہوں ۔ جتنی چور بازاری ہو رہی ہے ۔ وہ پیپلز پارٹی خود کروا رہی ہے ۔ اور کر رہی ہے ۔

جناب نرگس زمان خان : میری مراد چھوٹے دوکاندار ۔ چھابڑی والے ۔ ریڑھی والے ہیں یہ چور بازاری نہیں کروا رہے ہیں ۔ ملک کے سرمایہ دار ۔ وڈیرے چور بازاری کرتے ہیں ۔ آپ پابند ہیں ۔ کہ ایوان میں جا کر غریب لوگوں کے حق میں بولیں ۔ اس لیے کم از کم میرے خیال میں یہ بل درجہ چہارم کے ملازمین کے حق میں ہے وہ سب اس بل کا انتظار کر رہے ہیں ۔ کہ 35/- روپے کی رقم ان کو ملے ۔ آپ اس بل کی مخالفت کر رہے ہیں ۔ جو غریب لوگوں اور مزدوروں کے متعلق ہے ۔ خاص طور پر بل جو زیر غور ہے ۔ ان کے مفاد میں نہایت ہی مفید ہے ۔ میں امید کرتا ہوں کہ وہ اس بل کو پاس کرا لیں گے ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : میرے خیال میں کافی گفتگو ہو چکی ہے ۔ دو منٹ تشریف رکھیں ۔

جناب محمد ہاشم غلزئی : جناب ڈپٹی چیئرمین ۔ مجھے افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ حزب اقتدار کے ارکان نے حزب اختلاف پر یہ بے بنیاد الزامات لگائے ہیں ۔ جہاں تک اس بل کا تعلق ہے ۔ ہم ان کو یقین دلاتے ہیں ۔ کہ جو بھی قدم حزب اقتدار عوام کی بھلائی کے لیے اٹھائے گی ۔ ہم کھلے دل سے اس کی تائید کریں گے ۔ میں امید کرتا ہوں کہ حزب اقتدار جو قدم اٹھائے گی ۔ عوام کی بھلائی کے لیے ۔ وہ اس کی مخالفت برائے مخالفت نہیں کریں گے ۔ اور نہ ہی ہمارا شیوہ یہ رہا ہے ۔ اس بل میں سب سے پہلی بات یہ ہے ۔ جس کو میں اچھی طرح سمجھتا ہوں وہ یہ ہے کہ موجودہ کمر توڑ گرانی کے اثرات کو قائم کرنے کے لیے مزدوروں کی قوت خرید میں کچھ اضافہ کیا گیا ہے ۔ یہ پہلے قدم ہے ۔ ہم اس کو اچھا سمجھتے ہیں ۔ مگر اس کے ساتھ ساتھ میں یہ بات کہنا چاہتا ہوں کہ یہ کافی نہیں ہے ۔ بل کی Spirit پر کوئی اعتراض نہیں ۔ ہمیں اس کے بعد یہ کہنا ہے ۔

اس موجودہ کمر توڑ گرانی کے اثرات کو کم کرنے کی وجہ سے اگر -/35 روپے کی بجائے یا اس رقم کی بجائے کچھ زیادہ رقم رکھی جاتی تو اس کا اچھا اثر ہوتا ۔ عوام اور مزدوروں کی قوت خرید یقیناً بڑھتی اور وہ اس موجودہ کمر توڑ گرانی کا مقابلہ کر سکتے ۔ تو اس بات پر ہم کو کچھ اعتراض ہے ۔ میں وزیر محنت صاحب سے یہ توقع رکھتا ہوں کہ وہ آئندہ اس امر کی طرف توجہ دیں گے ۔ اور ایسا قدم اٹھائیں گے کہ اگر اس کو بڑھا کر 50 فیصدی کر دیا جائے تو شائد اس کا اثر بہتر ہوگا ۔ باقی جہاں تک لیڈر آف دی ہاؤس نے ان جذبات کا اظہار کیا ہے کہ ہم حزب اختلاف سے تعاون کریں گے ۔ میں ان کو یقین دلاتا ہوں ۔ کہ ملکی سفادات اور عوام کے مفادات کی خاطر جو بھی قدم اٹھائیں گے ۔ ہم تہہ دل سے ان کا ساتھ دیں گے ۔ ان کی مدد کریں گے اور میں یہ اسید کرتا ہوں کہ تلخ کلامی آئندہ نہیں ہوگی ۔ میں ان الفاظ کے ساتھ اپنی تقریر ختم کرتا ہوں ۔

چودھری محمد حنیف خان :* جناب والا ۔ میں یہ عرض کروں گا کہ صرف سہنگائی ہی نہیں بلکہ کچھ اور بھی غلط فہمیاں پیدا ہوگئی ہیں ۔ اور وہ سب باتیں جو یہاں کہی گئی ہیں حزب اختلاف کی طرف سے یہ اسی طرح ہے کہ کسی چیز کے متعلق کئی شخص ایک بات کو بار بار دھرائیں تو اس کا اثر زائل ہو جاتا ہے ۔ اگر ہر ایک شخص ایک ہی بات کو دھرائے تو اس کا وقت ضائع ہو جاتا ہے ۔

یہ ایک مختصر سی بات تھی ۔ اگر اس پر حزب اختلاف توجہ دیتی تو یہ قرارداد کب کی Through ہو جاتی ۔ مجھے افسوس صرف ایک بات کا ہے ۔ میں یہ حقیقت آپ کی خدمت میں پیش کرنا چاہتا ہوں ۔ کہ نشینل اسمبلی میں جس وقت یہ بل پیش کیا گیا ۔ تو اس وقت بھی یہی کچھ کہا گیا ۔ کاش حزب اختلاف ، جو حکومت سے اختلاف کرنے والی پارٹیاں ہیں میں سے کسی بھی صاحب نے خواہ نیشنل اسمبلی میں ہیں یا سینٹ میں بیٹھے ہوئے ہیں ۔ ریفارمز اور اصلاحات جو کہ مزدوروں کے لئے کی ہیں ، میں سمجھتا ہوں کہ ان میں سے کسی کا ذکر نہیں کیا ۔

بات صرف اتنی ہے کہ جو چیز صحیح کی جائے اس کی طرف نہ دیکھا جائے ، آنکھیں بند کر لی جائے ۔ توجہ نہ دی جائے تو وہ بات ان کو بری لگتی ہے اور آج بھی یہی صورت حال ہے کیونکہ میں نے یہاں پر سنا اور ایسے معلوم ہوا کہ یہ -/35 روپے جیسے اس حکومت نے آج پہلی مرتبہ مزدوروں کو دیے ہیں اس سے پہلے اس حکومت نے مزدوروں کے لیے کچھ بھی نہیں کیا ، یہ تاثر دینے کی کوشش کی جا رہی ہے ۔ میں نے نیشنل اسمبلی میں اس بات کا شدت سے احساس کرتے ہوئے کہ ممبر صاحبان میں غلط فہمی پیدا نہ ہو ۔ میں نے اصلاحات سے قبل کے حالات جو تھے اور اصلاحات کے نافذ ہونے کے بعد کے حالات کا جائزہ پیش کیا تھا میں ان اعتراضات کے جواب میں جو کہ یہاں کیے گئے ہیں ۔ چند باتیں ضرور کہوں گا ۔ لیکن میں یہ محسوس کرتے ہوئے جب میں اگلی دفعہ آؤں گا تو فاضل ممبران کے فائدے کے لئے اور اس امید پر کہ شاید وہ ان اصلاحات کو پڑھنے کی زحمت گوارہ فرمائیں اپنے ساتھ اصلاحات سے قبل اور اصلاحات کے بعد کا جائزہ لاؤں گا ۔ یہاں کہتے ہیں کہ جی مزدوروں کے لیے کچھ نہیں کیا گیا ، کاش کہ وہ اس کو پڑھنے کی کوشش کرتے ۔ میں عرض کرتا ہوں -/35 روپے یہ تو کل کی بات ہے ۔ ہم نے مزدوروں کے لیے اتنی اصلاحات کی ہیں کہ اگر میں ان کی details میں جاؤں ، تو مجھے بیان کرتے ہوئے شام ہو جائے گی یعنی کافی وقت درکار ہے ۔ جو قوانین مزدوروں کے لیے بنائے ہوئے تھے وہ تقریباً 32 ہیں لیکن ان میں سے 12 یا 13 قانون ضروری ہیں جو پہلے مالکوں کے

*Speech not courectd by the hovourable Minister.

حقوق کے تحفظ کے لیے بنائے گئے تھے - ان تمام کو بدل کر اب یکسر مزدوروں کے تحفظ کا آئینہ دار بنا دیا ہے - صرف پڑھنے کی کوشش کی جائے - مزدوروں کے لیے دو چیزوں کی ضرورت تھی - ایک تو یہ کہ ان کو financial benefits دیے جائیں اور مزدوروں کی جیب میں کم ازکم وہ پیسہ ضرور جائے جس کے حاصل کرنے کا ان کو حق حاصل ہے - دوسری چیز ان کو سیکورٹی آف سروس دی جائے - ان باتوں کو ذہن میں رکھ کر ہم نے یہ قوانین بنائے ہیں - یہ مفادات جو ہم مزدوروں کو پہچانا چاہتے ہیں ایک خاص طریقے سے نہ پہنچائے گئے تو اس کا نتیجہ لازمی طور پر Inflation ہوگا - یہ اکنامکس کا ایک اصول ہے اور اس سے کوئی شخص انکار نہیں کر سکتا کہ آپ تنخواہ بڑھائیں تو قیمتیں بڑھ جائیں گی - پھر آپ کو تنخواہ بڑھانے کی ضرورت ہوگی - جب آپ تنخواہ بڑھائیں گے تو قیمتیں بڑھ جائیں گی تو اس طرح ایک سرکل سا جاری ہو جائے گا جو کبھی ختم نہیں ہو گا - اس کا علاج تمام economists جانتے ہیں - اس کا علاج increase of production سپلائی اور ڈیمانڈ کا اصول بچہ بچہ جانتا ہے - چنانچہ ہم نے اس چیز کو پیش نظر رکھا ہے - جتنے benefits دیے جائیں ان کو پروڈکشن کے ساتھ منسلک کیا جائے - مثلاً پچھلے سال Labour Tripartite Conference میں یہ فیصلہ کیا گیا تھا کہ منافع میں سے net profit یعنی پیشتر اس کے کہ حکومت اپنے taxes لے مزدوروں کو کسی فیکٹری کے منافع کا 5 فی صدی حصہ لازمی طور پر ملنا چاہیے اور جس وقت بھی حصہ پیدا ہو وہ اس کو حاصل کر سکتے ہیں - میں details میں نہیں جانا چاہتا کیونکہ وقت کم ہے - میں صرف چند باتیں عرض کرنا چاہتا ہوں تاکہ وہ تمام غلط فہمیاں جو میرے دوستوں کے ذہنوں میں ہیں وہ دور ہو جائیں - ابھی ابھی نہایت ہی اچھے جذبات کا اظہار ہوا ہے ، مجھے اس سے بڑی خوشی ہوئی ہے - جب میں یہاں پر موجود ہوں تو کم از کم خدا کے لیے بدگمانی تو ترک کردیں - آپ ان قوانین کو پڑھنے کی کوشش کریں اور پھر دیکھیں کہ ہم کہاں تک چلے گئے ہیں منافع جب ہوگا جب پروڈکشن زیادہ ہو گی - اس کے علاوہ - جناب والا - ایک سال کا بونس ضروری قرار دے دیا گیا - بونس کے لیے قانون بنا دیا گیا کہ سال میں ایک بونس دینا پڑے گا - لیکن ساتھ ہی یہ بھی طے پایا کہ وہ تمام یک طرفہ جو کسی رواج کے تحت کسی قانون کے تحت یا Collection bargaining سے جو agreement ہوتا ہے اس کے تحت ملتے تھے اس کو پورا پورا تحفظ حاصل ہوگا - مثال کے طور پر اگر کوئی فیکٹری اپنے مزدوروں کو چار بونس دیتی تھی تو ایک بونس اس کو یہ بھی لازمی طور پر دینا پڑے گا یہ نہیں کہ وہ پچھلے چار بونس ختم ہو جائیں گے بلکہ اب مزدور کو پانچ بونس ملیں گے - جناب چیئرمین - gratuity 15 دن کی ملتی تھی - اس کے دنوں کی تعداد بڑھا کر اب 20 کر دی گئی ہے لیکن ساتھ ہی یہ طے پایا اور قانون نافذ کیا گیا کہ gratuity resignation کی شکل میں بھی ملے گی - اگر کوئی شخص مر جائے تو gratuity اس کے ورثہ کو ملے گی - ہر صورت میں ملے گی ماسوائے misconduct کے - اگر ایک شخص کو misconduct کی صورت میں نکالا جائے تو وہ gratuity کا حق نہیں رکھتا - باقی دوسری disengagements کی صورت میں چاہے وہ کسی قسم کی بھی ہو gratuity ضرور ملے گی اور gratuity assess کرنے کا طریقہ یہ طے پایا اور اس وقت قانون کی شکل میں موجود ہے کہ gratuity کی جو base بنائی ہے وہ maximum تنخواہ جو ملازم اپنے تمام careaer میں حاصل کرے اس سے 20 دن نکالے جائیں گے - جناب والا - میں عرض کروں کہ میں یہاں پر حساب نکال کر نہیں بتانا چاہتا میرے فاضل دوست اگر چاہیں تو گھر میں بیٹھ کر حساب لگا سکتے ہیں کہ ایک شخص جب ریٹائر ہو کر جائے گا تو اس کو کیا ملے گا - اگر آپ پرانے قوانین کو پڑھیں تو آپ اندازہ لگا سکتے ہیں کہ ہم نے کیا کیا ہے - یہ ہمیں مورد الزام قرار دیتے ہیں - میرے بعض ایسے دوست بھی ہیں جن کی حکومتیں بھی رہی ہیں - آپ پرانے قوانین اٹھا کر دیکھیں جہاں Compenosation کے

لیے 50 روپے رکھے تھے ان 50 روپوں کو ہم نے 500 کیا ، 200 کو 600 کیا ۔ میں ایک مثال دیتا ہوں ۔ مردے کے کفن دفن کے لیے 50 روپے ہوتے تھے ۔ یہ 26 سال کا قانون بنا ہوا تھا ۔ اس کو آج تک کسی نے ہاتھ نہیں لگایا ۔ اس کے خلاف کسی نے آواز نہیں اٹھائی اب قیمتیں بڑھ گئی ہیں ۔ 50 روپے میں کس طرح ایک مردے کو دفن کر سکتے ہیں ۔ اس 50 روپے کو ہم نے 500 کیا ۔ ہم نے اپنے حالات کو دیکھنا ہے ۔ ایک فاضل دوست نے کہا ہے کہ سمندر سے ملے پیاسے کو شبنم ۔ میرے محترم دوست اپنے سمندر کے ذرا طول و عرض کو بھی دیکھ لیے ۔ سمندر کا جتنا پہلے وجود ہے اس کو بھی دیکھ لو ۔ ہم نے اس کے مطابق چلنا ہے ۔

اس سے ہم باز نہیں آئیں گے ۔ اس سال بھی ہم نے کانفرنس کی ہے ۔ اور باقاعدہ ہر ایک چیز کی دیکھ بھال ہو رہی ہے ، اسے کوئی شخص نہیں روک سکتا ۔ میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ اگلے سال پھر ایسا ہی ہوگا ۔ مزدور کا جو حق بنتا ہے وہ اس کو ملے گا ۔ اسے کوئی نہیں روک سکتا ۔ دوسری بات Compensation group Insurances کے بارے میں عرض کر دوں ۔ جناب والا ۔ Compensation اس وقت ملا کرتا تھا جب ایک شخص مضروب ہو جاتا ۔ مجروح ہو جاتا ۔ فوت ہو جاتا اپنے فرائض کی انجام دہی میں لیکن گروپ انشورنس کی سکیم جاری کی گئی تا کہ ایک مزدور کسی حالت مین کسی جگہ میں ۔ اگر کسی حادثے کا شکار ہو جاتا ہے تو اس کو باقاعدہ Compensation ملے ۔ اس چیز کو رائج کیا گیا ۔ Workers Welfare Fund ۔ جناب والا میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ چند دنوں میں وہ بھی یہاں آجائے گا ۔ جس میں مالک دو فیصد دیتا ہے ۔ اس میں مزدور کو ایک پیسہ ۔ ایک دمڑی بھی نہیں دینا پڑتی یہ تمام مالک کی ذمہ داری ہے ۔ میں عرض کروں ہم نے مکانات بنانے کی سکیم شروع کر دی ہے اس ورکرز ویلفیئر فنڈ میں سے اور اس وقت کراچی میں سولہ سو مکانات بن چکے ہیں یا اُن کی تعمیر شروع ہوچکی ہے ۔ اور اسی طرح دوسرے Provinces کو بھی ہم نے پیسہ دے دیا ہے Workers Welfare Fund میں سے اس سال کے بجٹ میں ایک کروڑ چھہتر لاکھ پنجاب کو دئے گئے ہیں ۔ ایک کروڑ اڑسٹھ لاکھ سندھ کو دیا گیا ہے اسی طرح تیس ہزار سرحد کو اور تیس ہزار بلوچستان کو ۔ تاکہ مزدوروں کے لیے مکانات بنائے جا سکیں ۔ جناب ڈپٹی چیئرمین سوشل سیکورٹی سکیم میں مزدور کو دو فیصد دینا پڑتا تھا اپنی تنخواہ کا اور دوسری طرف مالک کو چار فیصد دینا پڑتا تھا ۔ ہم نے دو فیصد کاٹ کر وہ بھی مالک کے حصے میں کر دیا اب مالک کو 6 فیصد دینا پڑتا ہے ۔ چھٹیاں بھی ان کو زیادہ سے زیادہ دی گئیں ۔ میڈیکل leave سولہ دن کی انہیں Half Pay دی جاتی تھی اس طرح Earned leave and Casual leave اور دوسری چھٹیاں جتنی بھی ہیں ۔ سب باقاعدہ تنخواہ کے ساتھ مزدوروں کو دی گئیں ۔ اس کے علاوہ جناب ڈپٹی چیئرمین ہم سوچ رہے ہیں کہ مزدوروں کو پنشن ملنے کا باقاعدہ Law آ چکا ہے ۔ اسمبلی نے منظور کر دیا ہے ۔ رولز کو ترتیب دیا جا رہا ہے ۔ اس کے لیے Experts بلائے ہیں کہ آیا یہ کام سوشل سیکورٹی کے حوالے کیا جائے یا کسی دوسری ایجنسی سے ۔ لیکن یہ قانون بن چکا ہے ۔ اور تھوڑے عرصے میں انشاء اللہ اس سکیم کو رائج کر دیا جائے گا ۔ ایجوکیشن کا فیصلہ کیا کہ مزدور کے ایک بچے کی Education دسویں تک مفت ہو گی اس کے متعلق باقاعدہ قانون بن چکا ہے ۔ اس کے علاوہ جناب ڈپٹی سپیکر ۔ میں یہ کتاب لا دوں گا ۔ یہ کتاب پڑھ کر میرے بھائی دیکھ لیں اور پھر اس میں 35 روپے کا قطرہ شامل کر لیں ۔ یہ قطرہ ان تمام قطروں میں شامل کر لیں جو پہلے سے موجود ہیں ۔ میں ان کی خدمت مین ایک اور عرض کرنا چاہتا ہوں جس کا غالباً میرے فاضل بھائیوں کو علم نہیں ہے ۔ ٹریڈ یونینزم میں Collective bargaining کو بہت زیادہ اہمیت حاصل ہے Collective bargaining ایک ایسی طاقت ہے مزدور کے

ہاتھ میں جس کے ذریعہ میز پر بیٹھ کر بغیر کسی شخص کی مداخلت کے کسی مشینری کے اندر لانے کے ۔ وہ اپنا حق حاصل کر سکتا ہے ۔ اور حق حاصل کرنے کا Procedure ہے ۔ ٹریڈ یونیزم Collective bargaining سب سے زیادہ اہمیت کی حامل ہے ۔ میں اس وقت اس بل سے باہر جا سکتا ہوں لیکن میں اس بل کے اندر رہنا چاہتا ہوں کہ مزدور جو ہیں وہ Collective bargaining کے ذریعے سے میز پر بیٹھ کر فیصلے کر سکتے ہیں ۔ آپ نے یہ بات کہی ہے کہ قیمتیں چڑھ گئی ہیں ٹھیک ہے قیمتیں چڑھ گئی ہیں لیکن آپ نے کبھی سوچا ہے کہ فارن میں پٹرول کی قیمتیں کتنی چڑھ گئی ہیں ۔ گندم پہلے بیس تیس روپے من ملتی تھی آج 120 روپے من مل رہی ہے اور آپ کو گندم کی ضرورت ہے ۔ آپ نے کبھی سوچا ہے کہ Fertilizer جو کسی وقت سات سو ڈالر فی ٹن آتا تھا اب 1400 ، 1500 فی ٹن آرہا ہے ۔ آپ نے کبھی سوچا ہے کہ جن چیزوں سے بناسپتی گھی بنتا ہے وہ پہلے سو دو سو ڈالر فی ٹن آتی تھیں اب 8 سو 9 سو ڈالر فی ٹن آ رہی ہیں جو چیزیں ملک میں پیدا ہوتی ہیں ان کے متعلق تو آپ بڑھا دیں لیکن جو چیزیں آپ نے باہر سے اسپورٹ کرنی ہیں ان کے متعلق آپ کیسے کہہ سکتے ہیں کہ آپ ان چیزوں کی قیمتیں کم کریں آپ باہر والے لوگوں کو مجبور نہیں کر سکتے ۔ گذشتہ چھبیس ستائیس سال کے عرصے میں سابقہ حکومتوں نے جو کچھ کیا ہے وہ آپ کے سامنے ہے جو کارنامے ان حکومتوں نے کیے ہیں آپ کے سامنے ہیں کون سا معرکہ مارا ہوا ہے آپ آج کہتے ہیں کہ جی قیمتیں چڑھ گئی ہیں ۔ حضور والا ! پچھلی جنگ عظیم کے بعد قیمتیں چڑھنی شروع ہوئی تھیں اور دنیا کا کوئی اکناسسٹ پیدا نہیں ہوا جو اس کو روک سکے ۔ میں جو چیز ایک فقرے میں عرض کرنا چاہتا ہوں وہ یہ کہ ہم نے مزدور کو Security of Service دی ہے ۔ اب مزدور کو نکالنا آسان نہیں ہے ۔ لیکن میں عرض کروں کہ مجھے اتفاق ہے کہ ان تمام چیزوں کا دل ہمارے کنٹرول میں رکھنے میں ہے ۔ اور یہ بالکل صحیح ہے کہ پاکستان اس وقت دنیا کا سب سے زیادہ سستا ملک ہے ، اس کو ہم دعوے سے کہہ سکتے ہیں کہ سب سے زیادہ سستی چیزیں پاکستان میں مل سکتی ہیں لیکن اگر ہم ان کو کنٹرول میں رکھ سکیں ۔ اس سے مجھے اتفاق ہے ۔ بالکل ٹھیک ہے ۔ ایک صحیح چیز انسان کو ماننے سے انکار نہیں ہونا چاہیے کہ پروڈکشن ہونی چاہیے یہ بھی یقین دلاتا ہوں کہ یہ جو ہم نے Benefits دیے ہیں ۔ ان تمام کا تعلق ان کا رابطہ increased production سے ہے مزدور کو اس وقت تک زیادہ فائدہ نہیں پہنچ سکتا جب تک وہ پروڈیوس زیادہ نہیں کرے گا ۔ اس چیز کے پیش نظر ہم نے Tripartite Conference کی ہے آپ نے سنا ہوگا کہ پچھلے سال مزدور بہت زیادہ پریشان تھے ۔ برہم تھے ، اس لیے وہ اپنے دل سے پرانی بھڑاس نکال رہے تھے ۔ لیکن اس سال مزدور محنت کر رہے ہیں ۔ پروڈکشن بڑھا رہے ہیں ۔ کام کر رہے ہیں ۔ اور انشاء اللہ اب اور کام کریں گے ہمارے ملک کا مزدور ایسا نہیں جس سے ہم انصاف کریں اور وہ ہم سے بے انصافی کرے ۔ لیکن میں یقین دلاتا ہوں کہ جس طرح پچھلے سال کیا ہے ان کے جو جائز حقوق ہوں گے اس سال بھی دیے جائیں گے اور اس چیز کو ہر سال دہرایا جاتا رہے گا اپنے حالات کے تحت ہر سال اس چیز کا جائزہ لیا جائے گا کہ مزدور نے کیا کیا ہے اور اس کا حق کتنا بنتا ہے ۔ اس کا جو حق بنے گا وہ ہم دیں گے ۔

ایک رکن : اس کا فیصلہ کب ہوگا ۔

چوہدری محمد حنیف خان : میں نے عرض کیا ہے کہ Lahore tripartite Conference ابھی ہوئی ہے میں یہاں پر کھڑے ہو کر اکیلے Commit نہیں کر سکتا یہ فیصلے Cabinet میں ہوتے ہیں ۔

**Mr. Deputy Chairman :** Now, I will put the question before the House. The question before the House is that the Bill to provide for payment of Cost of Living allowance, to employees, the Employees Cost of Living and Relief Bill, 1973, as reported by the Standing Committee, be taken into consideration at once.

Those who are in favour may say yes and those who are against it may say No.

The motion was adopted.

Now, we take up the Bill clause by clause.

خواجہ محمد صفدر : public opinion کے حصول کے سلسلے میں آپ کو پہلے ہی فیصلہ کرنا چاہیے تھا ۔

Now I do not move, neither I press for it.

ان میں سے دونوں صورتوں میں سے کوئی صورت ہو جاتی

It should have been either not moved or withdrawn or rejected...

**Ch. Mohammad Hanif Khan :** It was not moved...

جناب ڈپٹی چیئرمین : شروع میں جب چیئرمین صاحب preside over کر رہے تھے تو موشن ہاؤس کے سامنے آیا تھا ۔ اس وقت موشن ساتھ اپنا amendment آپ کو propose کرنا چاہیے تھا جو کہ آپ نے Propose نہیں کیا ۔ یہ stage کے چند منٹ کے propose کرنے کا نہیں ہے ۔

**Khawaja Mohammad Safdar :** Take it as withdrawn.

**Mr. Deputy Chairman :** Now we will take the Bill caluse by clause.

**Ch. Mohammad Hanif Khan.** There is no amendment.

**Mr. Deputy Chairman :** The question before the House is that clauses 2 to 11 of the Bill do form part of the Bill.

THE MOTION WAS ADOPTED.

**Mr. Deputy Chairman :** The question is that clause I, short title and preamble farm part of the Bill.

TEH MOTION WAS ADOPTED.

**Ch. Mohammad Hanif Khan :** Sir, I beg to move

**Mr. Deputy Chairman :** Motion moved:

That the Bill to provide for payment of a cost of living allowance [The Employees "Cost of Living (Relief) Bill 1973] be passed."

265

**Khawaja Mohammad Safdar :** Opposed

**Mr. Deputy Chairman :** You want to say something ?

**Khawaja Mohammad Safdar :** Yes Sir.

خواجہ محمد صفدر : جناب ڈپٹی چیئرمین صاحب ۔ محترم وزیر محنت نے وہ تمام باتیں جو نقطہ نظر سے متعلق نہیں تھیں وہ کہیں لیکن چونکہ وہ اپنا نقطۂ نظر پیش کر کے اپنے سابقہ دو سالوں کی کارگزاری پیش کرنا چاہتے تھے ۔ اس لیے میں نے اپنے وعدہ کے مطابق ان کو قطعی Interrupt نہیں کیا اور نہ ہی ان باتوں کا جواب دونگا ۔ کیونکہ وہ اس بل سے متعلق نہیں ۔ لیکن جو بات تھی ۔ انھوں نے اس بل سے متعلق کی نہیں ان کا جواب دینے کی میں سعادت ضرور حاصل کرونگا ۔

میں نے پہلی خواندگی کے دوران نہایت ادب سے آپ کے توسط سے یہ درخواست حزب اقتدار کی خواہشات کے مطابق اپنے محترم جناب وزیر محنت کی خدمت میں کی تھی کہ اس بل کی مخالفت اس بناء پر نہیں کر رہا ہوں کہ یہ اقدام جو آپ نے کیے ہیں ۔ یہ غلط ہیں ۔ بلکہ اس کی مخالفت میں اس بناء پر کر رہا ہوں کہ یہ جو آج آپ قدم اٹھا رہے ہیں وہ نا کافی ہیں ۔ بلکہ اس کے علاوہ آپ کو کچھ اور بھی کرنا چاہیے ۔ اور اس سلسلے میں ، میں نے واضح طور پر یہ وزیر محنت کی خدمت میں عرض کیا تھا ۔

میں ہر گز یہ نہیں کہنا چاہتا کہ 35 روپے سہنگائی کا اضافہ کیا جائے اور جب کہ انھوں نے خود فرمایا ہے کہ تنخواہوں کے اضافے سے افراط زر پیدا ہوتا ہے ۔ افراط زر سے مہنگائی بڑھتی ہے ۔ اگر مزید مہنگائی الاؤنس کا اضافہ ہوا تو پھر افراط زر ہوگا ۔ مہنگائی اور زیادہ بڑھے گی ۔ اور یہ ایک Vicious circle ہے جو کہ چلتا رہے گا ۔ اس لیے میں نے ان کو اپنا طریق کار بتلایا تھا کہ جو اس ملک کی economy کو ، یہاں کی معاشی صورت حال کو ، متوازن بنا سکے میں نے یہ عرض کیا تھا کہ ہم کو ایسے وسائل اور ایسے ذرائع تلاش کرنا چاہیے کہ موجودہ کمر توڑ مہنگائی سے ہمارے غریب عوام کو چھٹکارا ہو جائے اگر اس وقت 35 روپے آپ نے ان کی تنخواہ میں بڑھائے ہیں تو یہ اضافہ نہ تو درست وصحیح ہے اور نہ منفعت بخش ہے ۔ اگر اس وقت 35 روپے بڑھے ہیں تو اس کے نتیجے میں یقینی طور پر چیزوں کی قیمتیں بڑھیں گی ۔ جس کے نتیجے میں وہ بدحالی کا شکار ہوں گے میرے محترم دوست نے یہ بھی ارشاد فرمایا کہ بھائی آج دنیا کے تمام ممالک سے پاکستان ایک ارزاں ترین ملک ہے ۔ ساری دنیا میں مہنگائی تیزی کے ساتھ بڑھ رہی ہے ۔ بعض ممالک کا انھوں نے ذکر بھی کیا ہے ۔ میں یہ کہنے کی جسارت تو نہیں کر سکتا کہ انھیں دنیا کے Consumers کے Priceindex کا علم نہیں ہے لیکن خوش قسمتی سے اس وقت میرے پاس ایک نہایت ہی مؤقر رسالہ موجود ہے جو لندن سے شائع ہوتا ہے اور علمی دنیا کے اندر اس کی شہرت ہے ۔ اس رسالے کا نام Economist (ایکانومسٹ) ہے یہ ویکلی رسالہ ہے اور اس کی حالیہ اشاعت یعنی 16 نومبر کی تازہ ترین اشاعت میرے ہاتھ میں ہے ۔ میں جناب وزیر محنت کی توجہ اسی رسالے کے صفحے 83 کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں جس میں 9 ملکوں میں قیمتوں میں اضافے کے رحجان اور اجرتوں میں اضافے کے متعلق اعداد و شمار دیے گئے ہیں ۔ جناب والا ۔ سابقہ سال میں پورے سال میں جرمنی میں ساڑھے سات نکات قیمتوں کے انڈکس میں اضافہ ہوا ہے ۔ فرانس میں قیمتوں میں 7 نکات کا اضافہ ہوا ہے ۔ برطانیہ میں 9 نکات اضافہ ہوا ہے ۔ اٹلی میں ساڑھے گیارہ نکات ۔ ھالینڈ میں 8 نکات ۔ بلجیم میں 7 نکات اضافہ ہوا ہے ۔ ڈنمارک کے اندر 9 نکات اور آئرلینڈ میں ساڑھے گیارہ نکات قیمتوں میں اضافہ ہوا ہے ۔ ان نکات کا ذرا اپنے ملک کی گرانی کے نکات سے مقابلہ فرمایے ۔ صرف جولائی 1973ء سے ستمبر 1973ء تک 3 ماہ میں 65 فیصد اضافہ ہوا ہے ۔ ؟

**Mr. Deputy Chariman :** Don't you think that you are repeating the arguments that were made by your other colleagues, except that you are quoting the figures?

خواجہ محمد صفدر : میں نے دنیا کی قیمتوں سے پہلے تو مقابلہ نہیں کیا ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : ماسوائے اس کے کہ آپ اس کو بیان کر رہے ہیں ۔

خواجہ محمد صفدر : میں تو دنیا کی قیمتوں کا اضافہ ان کو دکھا رہا ہوں کہ دنیا کی قیمتیں کیا ہیں ۔ میں نے پہلے قطعی طور پر ذکر نہیں کیا ۔ اس لیے جناب آپ یقین جانیے کہ جب آپ نے کوئی بات کہی ہو ۔ اور میں اس کا دوبارہ اعادہ کروں ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : آپ پہلے اپنی تقریر کریں ۔

خواجہ محمد صفدر : جناب محترم وزیر صاحب نے فرمایا ہے کہ دنیا کی قیمتوں میں اضافہ ہو رہا ہے اس لیے ہم پاکستان میں بھی اضافہ کر رہے ہیں ۔ میں نے یہ economist ابھی کھولا ہے پہلے تو نہیں کھولا تھا ۔

**Ch. Mohammad Hanif Khan :** Point of order. Although everything is being repeated, yet I think it is good because these are the things which created misunderstanding in the mind of the public. Actually it is better that they come out and tell the people that these things happened. It is the best opportunity for us to explain. Let him raise objection. I have got no objection. I have got a befitting answer and the people must know that this sort of misunderstanding which has created in the mind of the public is nothing but misrepresentation of facts, etc.

**Mr. Deputy Chairman :** There is no question of point of order in view of that he says. I thought perhaps you will refer me to some rules.

**Ch. Mohammad Hanif Khan :** What he is stating, probably he does not understand.

**Mr. M. Rafi Raza :** I would request the Honourable Member, when he is reading out the statistics, to compare the general index of prices abroad with the general index here and not with the food index. Food index is always higher abroad than the general index. He is quoting figures for Pakistan which concern with food index.

**Mr. Dpeuty Chairman :** That is a question that can be taken in reply. believe the Minister will reply.

خواجہ محمد صفدر : حضور والا ۔ میں جنرل index کی بات کر رہا ہوں ۔ پاکستان کا جنرل انڈکس آپ دیکھیں ۔ کہ جولائی میں 225.43 اور ستمبر میں 290.00 یعنی تقریباً پینسٹھ نقاط بڑھے ہیں ۔ میں general discussion کی بات کر رہا ہوں ۔ میں کسی کو غلط فہمی میں نہیں ڈالنا چاہتا تاکہ کسی کے ذہن میں کچھ خیال پیدا نہ ہو ، اب سوال یہ ہے کہ اگر دنیا کا دعویٰ صحیح ہوتا ہے کہ یہاں جناب سال بھر میں سات آٹھ نقاط کا اضافہ ہوا ہے اور تین ماہ میں پینسٹھ نقاط کا ۔ بلکہ ان کا یہ کہنا کہ یہ ایک ماہ میں اضافہ ہو رہا ہے ۔ ٹھیک نہیں ہے ۔

جناب والا - دوسرا پوائنٹ جو میں آپ کی خدمت میں عرض کرنا چاہتا ہوں جس کی طرف میرے محترم دوست وزیر محنت صاحب نے اشارہ کیا ہے - وہ یہ ہے کہ چھبیس سال سے قیمتیں بڑھ رہی ہیں - اور یہ پہلی حکومتوں نے کیا ہے - تو اس لیے میں جناب والا ، ان کی خدمت میں گذارش کروں گا کہ پہلے پانچ سالہ منصوبہ میں قیمتوں کے جنرل انڈکس میں صرف پانچ فیصد (5%) کا اضافہ ہوا پانچ سالوں میں دوسرے پانچ سالہ منصوبے میں صرف بارہ فیصد (12%) اضافہ ہوا پانچ سالوں میں -

**Mr. Deputy Chairman :** Is it a point of order ?

**Ch. Mohammad Hanif Khan :** This is irrelevant absolutely. I will have to make a reply.

**Mr. Deputy Chairman :** In view of the new statement, in the third reading you have a risht to reply naturally.

**Ch. Mohammad Hanif Khan :** All right, Sir.

خواجہ محمد صفدر : یقین جانیے جب تیسری خواندگی ہو رہی ہے اور میں اعتراض کنندہ ہوں گا اور میرے اعتراض کا حق وزیر صاحب کو ہے ، تو میں یہ عرض کر رہا تھا کہ جناب محترم وزیر صاحب نے یہ اعتراض کیا ہے کہ گذشتہ چھبیس سال سے قیمتیں بڑھ رہی ہیں - پہلی حکومتوں نے کیا کیا - تو حضور والا - میں عرض کرتا ہوں کہ پانچ سال میں پانچ فیصد (5%) کے قیمتیں بڑھی ہیں - یہاں ایک ماہ میں تیس فیصد (30%) کے لگ بھگ بڑھی ہیں - اس کے علاوہ شاید میرے کئی دوست یہ کہیں کہ جن ملکوں کے نام کا ذکر کیا ہے وہ تو ترقی یافتہ ممالک ہیں - ہم تو ذکر کر رہے ہیں ترقی پذیر ملکوں کا - اس لیے اس طرح سے یہ مقابلہ نہیں ہو سکتا تو اس لیے میں حالیہ پاکستان کے economist کی طرف جناب وزیر محترم کی توجہ دلانا چاہتا ہوں - کہ اشیائے صرف کی قیمتوں کا انڈکس جو پاکستان اور اس سے متعلقہ ملکوں کا ہے اس میں دکھایا ہوا ہے اور وہ ظاہر کرتا ہے - کہ کس تیزی اور سرعت سے یہاں پاکستان کے انڈکس کے اعشاریہ میں اضافہ ہو رہا ہے ، اس کی مثال کہیں نہیں ملتی - آپ یہ کہہ سکتے ہیں - کہ گذشتہ تین ماہ میں ہندوستان کا جنرل انڈکس 220 سے 230 تک آ گیا -

وہ تو دس اور بارہ پوائنٹ بڑھا - لیکن یہاں تین ماہ میں پینسٹھ 65 پوائنٹ بڑھا ہے - جولائی سے 8 ستمبر تک کی حالت آپ کے سامنے ہے - مجھے اسے دھرانے کی ضرورت نہیں کیونکہ وہ میرے پاس Confirmed اعداد و شمار ہیں اور یہ تو روز مرہ کی چیزوں سے پتہ چل سکتا ہے - اور اس کے علاوہ میں آپ پر چھوڑ دیتا ہوں کہ آپ بازار میں جاتے ہیں - اور دیکھتے ہی ہوں گے - اس لیے میں یہ گزارش کروں گا کہ یہ کہنا کہ قیمتوں میں جس سرعت سے اضافہ دوسرے ملکوں میں ہو رہا ہے اس کی نسبت پاکستان میں کم ہو رہا ہے یہ واقعات کے خلاف ہے - اور میں نہایت ادب سے گذارش کروں گا کہ جن کتابوں اور رسالہ جات اور اعداد و شمار کا میں نے حوالہ دیا ہے - ان کے مطابق اس مسئلہ کو زیر غور رکھا جائے اور پھر فیصلہ کیا جائے کہ قیمتوں میں تیزی اور بڑھوتی کا رحجان کیا ہے - پاکستان میں اضافہ ہو رہا ہے یا یہاں کے قرب و جوار کی منڈیوں اور دوسرے ممالک میں ہو رہا ہے -

جناب ڈپٹی چیئرمین : آپ اس سلسلے میں کچھ کہیں گے -

خواجہ محمد صفدر : Just a minute Sir

حضور والا - ایک بات اور ہے - جس کا وعدہ قوم سے کیا گیا تھا - اس سے کم و بیش چھ ماہ قبل میں حکمران پارٹی کی اس کی طرف توجہ دلانا چاہتا ہوں - کہ نیشنل اسمبلی میں بجٹ تقریر کرتے ہوئے وزیر خزانہ جناب محترم ڈاکٹر مبشر حسن صاحب نے ارشاد فرمایا تھا اور یہ یقین دلایا تھا کہ اشیائے صرف کی قیمتیں بڑھنے نہیں دی جائیں گی اس وعدے پر کچھ خیال فرمائیے - اگر آپ کہیں تو وہ تقریر بھی میرے پاس ہے - لیکن کیونکہ میں سمجھتا ہوں کہ کچھ ایوان چاہتا ہے کہ ڈیڑھ بج رہا ہے اور جلد چھٹی ہو جائے تو اس لیے میں اس کو پیش نہیں کرتا -

جناب والا - آخر میں میں نہایت ادب کے ساتھ جناب ڈپٹی چیئرمین کے توسط سے اس معزز ایوان کے معزز اراکین اور خصوصیت سے معزز وزیر محنت کی خدمت میں گذارش کروں گا کہ میرا یہ پوائنٹ ہے کہ آپ نے اجرتوں میں جو اضافہ کیا ہے وہ صحیح ہے درست ہے - لیکن اس میں اور قیمتوں کے اضافہ میں کوئی ربط ، کوئی توازن اور کوئی مناسبت نہیں ہے خدا را اس میں مناسبت کو پیدا کیجیے اور میرے نقطۂ نظر سے مناسبت پیدا کرنے کا درست طریقہ یہ ہے کہ قیمتوں کو اعتدلال پر لانے کی کوشش کی جائے اور جو مزدوروں کی Fixed income group اور تنخواہیں ہیں - وہ اس سے کماحقہ فائدہ اٹھائیں اور ایسا نہ ہو کہ یہ حکومت بڑھتی ہوئی قیمتوں کا تمام اضافہ ہڑپ کر جائے اور مزدور پہلے سے بھی زیادہ پریشانی اور بدحالی کا اشکار رہیں -

چوہدری محمد حنیف خان : جناب ڈپٹی چیئرمین !

جناب ڈپٹی چیئرمین - ویسے میں نہیں سمجھتا تھا کہ آپ بھی کچھ فرمائیں گے -

چوہدری محمد حنیف خان - آپ بالکل ٹھیک فرما رہے ہیں - مجھے آپ سے پورا پورا اتفاق ہے - میں چاہتا ہوں کہ جو میرا بھی وقت ہے وہ ان کو ہی دے دوں - کیونکہ انھوں نے کوئی نئی چیز نہیں کہی - انھی چیزوں کو دھرایا ہے - جن کا میں جواب دے بیٹھا ہوں - میں صرف ایک بات عرض کروں گا - وہ یہ کہ یہ اپنے ملک کا مقابلہ انگلینڈ ، ہالینڈ ، جرمنی ، آئرلینڈ سے کرتے ہیں - ان کو پتہ ہونا چاہیے کہ وہ ترقی یافتہ ممالک ہیں ہر چیز وہ آپ بناتے ہیں - اور ایسے ممالک ہیں جو باہر سے سستے داموں Scrap خرید کر خود اپنے ملک میں Manufacture کر کے دوسرے ملکوں کو بڑی سے بڑی اور اونچی اونچی قیمتوں پر دیتے ہیں - ہمارے ملک کی حالت بالکل مختلف ہے - ہمارا ملک ترقی پذیر ہے - وہ ترقی یافتہ ممالک ہیں - جہاں پر وہ کہتے ہیں کہ قیمتوں کا رجحان بڑھ رہا ہے وہ خود تسلیم کرتے ہیں - پھر اس کے علاوہ میں عرض کروں - انھوں نے کہا ہے کہ جب پہلا پانچ سالہ منصوبہ تھا تو اس وقت صرف پانچ فیصد اضافہ ہوا تھا - میں نے یہ بھی عرض کیا تھا کہ قیمتوں کے بڑھنے کا رجحان بہت مدت سے جاری ہے - انھوں نے پانچ فیصد اضافہ خود تسلیم کیا ہے - میرے پاس Statistics تو نہیں ہے اور کتاب نہیں ہے کہ بتلا سکوں کہ آیا انھوں نے پانچ فیصد جو تسلیم کیا ہے وہ بالکل ٹھیک تسلیم کیا ہے یا نہیں ؟ میں کہتا ہوں کہ ٹھیک ہوگا - لیکن سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ اس وقت ملک کے حالات کیا تھے - جن حالات سے ہم گزر رہے تھے اور گزر رہے ہیں - ان کو Background کا پتہ ہے ؟ یہ تو easy going ہیں - کیا اس وقت یہ حادثات در پیش آ گئے تھے - تو ایسے حالات میں قیمتیں بڑھ جاتی ہیں لیکن آپ ان چیزوں کو بھی سامنے رکھیں - جن حالات سے اب ملک گزر رہا ہے - وہ کیسے ہیں - آدھا ملک چلا گیا - اس کے بعد فوری طور پر جو ہماری Industry مشرقی پاکستان میں تھی - ان کی وجہ سے بھی - کیونکہ جو لوگ اس

حکومت کو تسلیم کرنے کے لیے تیار نہیں تھے - انھوں نے پورا زور لگایا کہ Industrial production کم سے کم ہو - لوگوں کو غلط راستے پر ڈال کر Strikes کروائیں۔ چنانچہ آہستہ آہستہ حکومت نے جب مزدوروں کے حق میں اچھے کام کیے تو مزدوروں نے محنت سے کام لیا اور انھوں نے سمجھ سے کام لیا - یہ بھی سوال ہے - ہمیں Money کو Devalue کرنا پڑا - میں کہتا ہوں کہ انسان کو کچھ نہ کچھ تو صحیح معنوں میں ایمانداری سے کام لینا چاہیے - میں خدا ناخواستہ یہ نہیں کہہ رہا ہوں کہ یہ بے ایمان ہیں - کہیں اس کا الٹا مقصد ہی نہ لے لیا جائے - لیکن میں سمجھتا ہوں کہ انسان کو اپنے خیالات کے اظہار میں کم سے کم ایمانداری سے کام لینا چاہیے - کیا یہ خود نہیں سمجھتے کہ جب ہم نے روپے کی Value کو کم کیا - تو بین الاقوامی مارکیٹ میں ہماری کرنسی کی کیا وقعت تھی - جب ہم نے کرنسی کی Devaluation کی - ایسی کرنسی جس کی تین قیمتیں ہوں - ایک Official ہے - ایک Bonus Voucher ایک Black marketting - فرق جو اس کے درمیان ہے وہ یہ خود جانتے ہیں سوال یہ تھا کہ جو چیز ہمیں ورثے میں ملی تھی ایک مرض جس دور کرنے کے لیے ہمیں یہ قدم اٹھانا پڑا ورنہ کون سا ملک تھا کہ چار روپے پچھتر روپے کے حساب سے آپ سے کوئی بات چیت کر سکتا تھا - یہ کرنا پڑتا ہے - جس وقت کرنسی Devalue کرنا پڑتی ہے - یہ Natural Consequences ہیں - یہ قدرتی اثر ہوتا ہے کہ اس وقت ہر چیز کی قیمتیں بڑھا کرتی ہیں - لیکن ذرا یہ تو دیکھیں کہ قیمتیں کتنی بڑھیں - جناب والا - جتنی Dvaluation کی تھی - اس کے مقابلے میں آپ حساب کتاب لگائیں کہ قیمتیں کتنی بڑھنی چاہیئے تھیں - آپ چار آنے بڑھا دیں تو قیمتوں کا رجحان اوپر کی طرف ہوجاتا ہے - یہاں اتنی Devaluation ہو گی کہ کرنسی کی صحیح قیمت موجود نہیں - اس کے بعد آپ جانتے ہیں کہ ہمارے بے شمار دوست Economy Pressure کی بات کرتے ہیں - ہمارے نوے ہزار آدمی اس طرف تھے اور وہ کوئی کام نہں کرتے unproductive تھے - لیکن ہمیں ان کے کنبوں کو پیسے دینا پڑ رہے ہیں - ساری کی ساری Families کو Support کرنا پڑ رہا ہے - ہم اس پیسے کو کہاں سے صرف کر رہے ہیں - کیا ان کو یہ پتہ نہیں ہے کہ ہمارے یہاں بے شمار بنگالی بیٹھے ہوئے ہیں - وہ بھی unproductive ہیں جن کو ہم Susistence الاؤنس دے رہے ہیں - Defence کے متعلق میں یہ عرض کرتا ہوں کہ 1971ء کی جنگ کے بعد جو حالات تھے اس وقت ہمیں ہر ایک چیز کو سنبھالا دینا پڑا - یہ تمام Economy پر ہی Pressure تھا - اتنا Pressure تھا کہ جس کا کوئی اندازہ نہیں ہے - یہ دوسرے ملکوں کے خیالات کی بات کرتے ہیں - سب سے بڑی بات تو یہ ہے کہ World Market میں - ساری دنیا میں ان چیزوں کی ضرورتیں جن کی ہمیں ضرورت ہے ، بڑھتی جا رہی ہیں اتنی بڑھ چکی ہیں کہ جس کا کوئی حساب نہیں - آپ ان کی Command نہیں کر سکتے کہ آپ ان کو کم کریں - آپ ان کو نہیں کہہ سکتے کہ مہربانی کر کے اپنی چیزوں کے ریٹ کم کریں - یہ ان کی مرضی ہے - یورپ میں Fertilizer کے Cartles بنے ہوئے ہیں - قیمتیں وہ مقرر کر دیتے ہیں ہم خریدنے کے لیے جاتے ہیں اور ہمیں مجبوراً خریدنا پڑتی ہیں - اگر آپ نہیں خریدیں گے تو آپ کے ہاں فصل نہیں ہو گی - آپ کو گندم کی ضرورت پڑتی ہے - دوسرے ممالک گندم کی قیمت مقرر کر دیتے ہیں - آپ کہتے ہیں کہ ہم اپنے بھاؤ پر ہی لیں گے - وہ کہتے ہیں کیا آپ 21.50 روپے فی من بیچ رہے ہیں - لیکن 21.50 روپے فی من آپ کو کہاں سے مل سکے گی - کسی دوسرے ملک سے نہیں مل سکے گی - کیونکہ اس وقت دوسرے ملکوں میں گندم کی قیمت سو روپے من سے زیادہ ہو چکی ہے - گندم کی کمی پہلے ہی تھی - اس کمی کو پورا کرنا تھا - آپ اچھی طرح جانتے ہیں کہ سیلاب آ چکا ہے - سیلاب کے بعد گندم کا اچھا خاصا نقصان ہو چکا ہے - ہمیں پہلی Demnand سے increase کرنا پڑے گی - اس میں زیادہ Increase کرنا پڑے گی - وہ بھی ہم نے منگوانی ہیں - ان تمام چیزوں کو سامنے رکھا کریں خدا کے لیے

آپ لوگوں کو یوں ہی غلط فہمیوں میں ڈالتے ہیں - ویسے تو عوام خدا کے فضل و کرم سے غلط فہمیوں میں نہیں ڈالے جاتے - کیونکہ آپ ایک چیز کو بار بار دہراتے ہیں - اب لوگ اتنے سمجھ دار ہو رہے ہیں کہ وہ آپ کی بات کو سننے کے لیے تیار نہیں ہیں - لہذا میں کہتا ہوں کہ ان چیزوں کا اظہار کرتے وقت تھوڑا بہت ایمانداری سے کام لے لیں - اچھی بات کو اچھی کہنے میں کوئی حرج اور کوئی نقصان نہیں ہے - اس طرح سے آپ کی value دوسرے لوگوں میں بڑھ جائے گی - ورنہ دوسرے شخص کے ذہن میں یہی خیال پیدا ہوتا ہے کہ بھئی یہ تو ایسے ہی لوگ ہیں کہ جو بھی یہ بات کریں گے وہ پھیکی ویکی بات ہوگی اور صحیح بات نہیں کریں گے - آپ تو پرانے parliamantarian ہیں - آپ کے منہ سے تو ایسی باتیں اچھی نہیں لگتیں - اب پانچ فیصد تسلیم کریں تو آپ کہتے ہیں کہ تیس فیصد بڑھ گئی ہیں - میں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ میں بل کے بارے میں کہا تھا - میں نے عرض کیا تھا کہ -/45 روپے ناکافی ہیں - جو آپ نے نہیں سنا تھا اور میں نے بڑی معذرت کے ساتھ کہا تھا - خدا کے لیے جو ہم نے مزدورں کے لیے پچھلے سال کیا ہے - یہ -/35 روپے کا اضافہ جو کیا ہے - وہ ذرا پڑھ کر دیکھیں میں یقین سے کہتا ہوں کہ آج آپ کو -/35 روپے نظر آ رہے ہیں اور اب جب آئندہ کوئی قدم اٹھائیں گے تو آپ یہ -/35 روپے بھول چکے ہوں گے - پچھلے سال جو اصلاحات کی ہیں - میں نے وہ بھی عرض کی ہیں - ان کا بھی ذکر کیا ہے - آپ نے ان اصلاحات پر غور نہیں فرمایا - آپ ایک سیکنڈ میں بیٹھے بیٹھے بھول گئے ہیں - میں آپ کو ایک کتاب دوں گا economist تو آپ پڑھتے ہیں - وہ کتاب پڑھنے میں صرف آپ کو آدھ گھنٹہ لگے گا - پھر آپ کو یہ کہنے کی زحمت گوارا نہیں کرنا پڑے گی کہ جناب -/35 روپے ناکافی ہیں -

جناب ڈپٹی چیئرمین :- مسٹر رفع you want to say something please I cut you short.

جناب عبدالحفیظ پیرزادہ : خواجہ صفدر کو ان کا اور رائٹ دے دیجیے -

جناب ڈپٹی چیئرمین : رفیع رضا صاحب درمیان میں خواجہ صاحب تقریر کر رہے تھے تو میں نے کہا آپ کو موقع دیا جائے گا - خواجہ صاحب میں ایک گزارش آپ سے کروں کہ Third Reading میں 98 سے اس کا سکوپ جو تھا -

The discussion on a motion that the Bill be passed shall be Confined to the submission of arguments either in support of the Bill or against the Bill. No explanatory notes.

یا بل پاس کیا جانا چاہیے یا بل پاس نہیں کیا جانا چاہیے - آپ نے جو اس کو utilize کیا ہے جو وزیر محنت کہہ چکے تھے - ان کو آپ نے further rebattal کیا ہے - ویسے تو 98 کے سکوپ میں آپ نے جو باتیں فرمائی ہیں اور وزیر محنت نے فرمائی ہیں - اس سکوپ میں آئی ہیں - تیسری خواندگی میں آپ صرف یہ arguments دے سکتے ہیں -

That, way the Bill should not be rejected or the bill should not be accepted.

**Khawaja Mohammad Safdar**: Sir, I beg to submit that during the third reading the Bill as a whole as amended by the House as discussed. The whole Bill as amended, this was actually explanatory note.

جناب ڈپٹی چیئرمین : میں تو آپ کو Rule کی طرف refer کر رہا ہوں ۔ اس میں جو الفاظ ہیں ۔

خواجہ محمد صفدر :- سکوپ بڑا واضح ہو جاتا ہے ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین :- نہیں واضح تو ہو جاتا ہے ۔ میں تو صرف آپ کو یوں ہی refer کر رہا ہوں کوئی Ruling نہیں دے رہا ۔

خواجہ محمد صفدر : پوائنٹ آف آرڈر جناب ۔ یہ Circulate ہوئے ابھی دو دن نہیں ہوئے ہیں ۔ اس لیے اس بنا پر میں آپ کی توجہ دلانا چاہتا ہوں ۔ میں اپنے محترم وزراء صاحبان سے درخواست کروں گا کہ اس کو ملتوی کرنا چاہیے ۔

**Mr. Deputy Chairman :** You want to speak on the Bill.

Mr. Rafi Raza ?

**Mr. M. Rafi Raza :** No, Sir.

**Mr. Deputy Chairman :** I thought you want.

The question is :

"That the Bill to provide for payment of a cost of living allowance to employees [The Employeesl, Cost of Living (Relief) Bill, 1973] be passed."

The motion was adopted.

**Mr. Deputy Chairman :** The Bill is passed. Item No. 6 please.

The Post office (Amendment) Bill, 1973.

**Mr. Ghulam Mustafa Khan Jatoi :** I beg to move :

"That the Bill further to amend the Post Office Act, 1898 [The Post Office (Amendment) Bill, 1973] as passed by the National Assembly be taken into consideration. I will request the Honourable Member brought you that it is a very simple Bill.

خواجہ محمد صفدر : جناب والا ۔ میں آپ کی توجہ دلانا چاہتا ہوں ۔ کہ ابھی اس بل کو اراکین کے پاس پہنچے دو دن نہیں ہوئے ۔ لہذا اس کو ملتوی کرنا چاہیے رات ۱۱ بجے مجھے یہ بل ملا ہے ۔ میں نے بل سٹینڈنگ کمیٹی کو Refer نہیں کیا اور نہ باقاعدہ طور پر پڑھا ہے ۔ میں اور میرے ساتھی کوئی مشینیں نہیں ہیں ۔ کہ رات 12 بجے ان کو کوئی بل ملے ۔ کوئی Computer سسٹم نہیں ہے ۔ کہ اس میں ڈال کر نیتجہ نکلوا لیا ۔ میں درخواست کروں گا ۔ کہ ایسی روایات اور traditions قائم کی جائے ۔ ایسا operation اس ایوان میں قائم کیجیے جو ایک نمونہ ہو ۔ ہم کل تیار ہو کر اس ایوان میں حاضر ہو جائیں گے ۔ اور اپنا نقطۂ نظر آپ کے سامنے رکھیں گے ۔ ماننا نہ ماننا آپ کا کام ہے ۔ اتنی جلدی بھی کیا ہے ۔

**Mr. Ghulam Mustafa Khan Jatoi :** It would take two minutes to just glance through it right now. It is only a two-clause Bill.

**Khawaja Mohammad Safdar :** I do not know the Implications.

**Mr. Deputy. Chairman :** Actually the Minister has made the motion. I have to put it before the House.

خواجہ محمد صفدر : پہلے پوائنٹ آف آرڈر کا فیصلہ کیجیے -

I refer you to rule 83 (2). It says "At least two clear days shall intervene between the day of supply of copies of the Bill to members and the day for setting down of the Bill for a motion under rule 84.

ہمیں رات کو کاپی ملی ہے دو دن ہوتے ہیں - ابھی تو آدھ یا ایک دن بھی نہیں ہوا -

So, I strongly object to it being taken up.

**Mr. Deputy Chairman :** I will put the motion.

**Khawaja Mohammad Safdar :** No, Sir, there is no other way.

**Mr. Deputy Chairman :** I will put the motion to the House.

**Khawaja Mohammad Safdar :** Rule 83 sub-rule (2) says that at least two clear days shall intervene between the day of supply of copies of the Bill to members and the day for setting down of the Bill for a motion under rule 84. The Honourable Minister has moved a motion under 84 that it be taken into consideration at once.

یہ آپ سامنے رکھیں - اس کے بعد آپ کی توجہ دوسرے بل کی طرف دلاتا ہوں جو اسمبلی میں Orginat ہوا ہے - اس لیے -

Then I will refer you to rule 104-On the day on which the motion for consideration is set down in the Orders of the Day which shall, unless the Chairman otherwise directs, be not less than two days from the receipt of the notice, the Minister or, as the case be may, the member giving notice may move that the Bill be taken into consideration.

**Mr. Deputy Chairman :** It has been set down in the Orders of the Day. This rule 104 says that it shall, unless the Chairman otherwise directs—and the Chairmam has made a direction—be not less than two days from the receipt of the notice, the Minister, or, as the case be, the member giving notice may move that the Bill be taken into consideration.

The Chairman has already suspended the operation of rule 104 and the Minister-in-charge was directed and it has been put in the order of the day.

**Khawaja Mohammad Safdar :** That is not the position.

دیکھیے صاحب : میں نہایت ادب سے درخواست کروں گا - کہ یہاں بڑا Smoothly کام چلنا چاہیے - کسی وقت بھی میری جانب سے bitterness پیدا کرنے کوشش نہ کی جائے گی - ہم نے باقاعدہ طور پر پڑھا نہیں - میں Humble درخواست کروں گا - کہ میں نے اور میرے ساتھیوں کے سامنے رات پڑا ہوا دیکھا تھا - اس کے علاوہ ہم کچھ نہیں مانتے -

اس لیے از راہ کرم قواعد و ضوابط کے مطابق عمل کیجیے - یہاں کوئی جلدی نہیں ہے - یہ بل آج ہی پاس کرنا ہے - میں آپ کی توسط سے محترم وزراء صاحب کی خدمت بھی درخواست کروں گا - کہ وہ ہمیں کچھ نہ کچھ Contribution کا موقع دیں - اور ہم اپنی اہلیت کے مطابق اپنا نقطہ نظر آپ کے سامنے رکھیں - اس ایوان کے سامنے پیش کریں - اگر ہمیں Contribution کا موقع نہ دیا گیا - تو پھر ہم یہ کہیں گئے - کہ حزب اختلاف کے چند لوگ جو اس ایوان میں بیٹھتے ہیں - حزب اقتدار یہ پسند نہیں کرتی .........

جناب عبدالحفیظ پیرزادہ - جناب ! ہمیشہ یہی کہا جاتا ہے کہ ہمیں موقعہ نہیں دیا جاتا - یہ سراسر غلط ہے - جھوٹا میں اس لیے نہیں کہوں گا - کہ یہ ان پارلیمنٹری ہو جائے گا - اس کا مطلب یہ ہے - کہ خواجہ صفدر جو کہیں - وہ پوری پارلیمنٹ مان لے - کسی قسم کا بھی موشن put ہوا ہے - بل کیا ہے - سینٹ کا پہلی تاریخ سے اجلاس ہو رہا ہے - آج 13 تاریخ ہے - 13 دنوں میں دو بل پاس کیے ہیں - تیسرا آج پاس ہوا ہے - 13 دن کے اندر یہ تین بل ہوئے ہیں - ہمارے ایجنڈے پر جو 36 بل ہیں - مجھے بتائیے - یہ کتنے دن سینٹ کو بٹھانا چاہتے ہیں - آخر کام بھی دیانت داری سے ہونا چاہیے - یہاں صرف تقریر کر کے وقت ضائع نہیں کریں - کام بھی کچھ کریں - کام کرنے سے کیوں گھبراتے ہیں - ایک بل ہے جس کا ذکر ہو رہا ہے - نیشنل اسمبلی نے 5 منٹ میں نہیں بلکہ 3 منٹ میں پاس کیا ہے - پاسپورٹ کی فیس پچاس روپے ہے - اس پر 10 روپے کا Pay order لگتا ہے - یہ اجازت دی جائے کہ 10 روپے سے بڑھا کر 50 روپے کیا جائے - یہ ہے وہ بات - نیشنل اسمبلی میں بھی عوام کے منتخب نمائیدے بیٹھے ہیں - اگر پڑھنے کی زحمت گوارا کرتے - تو یہ بات نہ کہتے - اگر یہ کہیں کہ ہم اپنی مرضی سے کام کریں گے - چاہے پاکستان کا وقار ٹھپ ہو کر رہ جائے - انہیں پتہ ہونا چاہیے - کہ ملک کے اندر کیا حالات ہیں - ؟ سینٹ اور قومی اسمبلی کے اجلاس پر 25 ہزار روپے یومیہ خرچ ہوتے ہیں - انہیں یہ پتہ ہونا چاہیے - کیا یہ ایمرجینسی نہیں ہے - کیا ہم یہاں بیٹھ کر لمبی لمبی تقریریں سننے آتے ہیں - ایک دن مذاق کر کے گذار دیا - روز 20 ہزار کا Exchequer پر بوجھ ڈالیں - کیا یہ کبھی انہیں خیال نہیں آیا - بات یہ ہے - جو انہوں نے کہنا تھا کہہ دیا - اگر وہ ووٹ کرانا چاہتے ہیں - ووٹ کرا لیں - ہم نے موشن move کیا ہے - آخر کوئی بات ہوتی ہے - ہم سمجھتے ہیں - آج یہ فیصلہ ہوگا - ہم انہیں بتا دینا چاہتے ہیں -

وہ بل Concurrnt list میں ہے - ہم نے فیصلہ کیا ہے - ہم قومی اسمبلی میں move نہیں کریں گے - سینٹ میں move کریں گئے - یہ ہم نے پالیسی decision کیا ہے سینٹ کو ہم اتنی اہمیت دیتے ہیں - قومی اسمبلی میں وہ بل move نہ کریں -

ہر بل سٹینڈنگ کمیٹی کے پاس نہ جائے - 13 دن کے اندر کون سے بڑے بل پاس کیے ہیں - یہ کوئی طریقہ نہیں ہم یہاں ان کی تقریریں سننے نہیں آتے - ان کے لیکچر سننے نہیں آتے - ہر دفعہ اٹھ اٹھ کر کھڑے ہو جاتے ہیں -

جناب ڈپٹی چیئرمین : خواجہ صاحب نے جو پوائنٹ ریز کیا تھا - یہ موشن کر ہی نہیں سکتے ، مجھے رول 104 refer کیا -

Rule 104 of the Rules of Procedure and Conduct of Business.

تو اس لیے میں سمجھتا ہوں کہ چیئرمین کو اس سلسلے میں جو Complaint ہو جو operation ہو آگاہ کریں ، اس لیے اس کو suspend کریں مسٹر منسٹر انچارج کو موقعہ دیں کہ وہ اپنا بل پیش کیا کریں -

چونکہ چیئرمین صاحب پہلے سے ہی 104 کو waive کر چکے ہیں اور خود ان کی ہدایات کے مطابق ہی Order of the Day پر لگایا گیا تھا اور منسٹر انچارج کو یہ اجازت دی گئی تھی کہ وہ motion کو move کریں میں سمجھتا ہوں کہ آپ کے پوائنٹ آف آرڈر کے پیش نظر میں ان کو نہیں روک سکتا ۔ آپ تشریف رکھیں ۔

**Mr. Abdul Hafeez Pirzada :** They do not want the legislation to go through. We densure them.

**Mr. Ghulam Mustafa Khan Jatoi :** Then, Sir, I draw your attention to rule 33.

خواجہ محمد صفدر : رات کے وقت ہمیں بل وصول ہوا ہے ۔

**Mr. Abdul Hafeez Pirzada :** We are not prepared to listen to them. We know that they will walk out. They want to stop the business of the House. They abuse their privilege.

بل کو دیکھنے کے بعد بات کریں کہ یہ اسٹینڈنگ کمیٹی کے پاس جانے کے قابل ہے یا نہیں ۔

## اراکین حزب اختلاف ایوان سے واک آؤٹ کر گئے

جناب شہزاد گل : اگر یہ بل منگل کے لیے رکھ دیا جاتا ہے تو ہم کوئی اعتراض نہ کرتے ۔

جناب عبدالحفیظ پیرزادہ : کل سے کوئی Legislation نہیں ہوا ، ان کے کہنے پر منگل کے لیے یہ بل رکھا گیا ہے تو کیا روزانہ ان کے کہنے پر Legislation نہ ہو ؟ جو کچھ آپ کی سمجھ میں آتا ہے کریں ۔

جناب شہزاد گل : ابھی تک قومی اسمبلی سے ہمارے پاس دو بل کے نوٹس ہیں ۔ جب وہاں پر کوئی بل پاس ہی نہیں ہوگا تو ہم کس طرح پاس کر سکتے ہیں ؟

جناب عبدالحفیظ پیرزادہ : ایک دن میں دو بل پاس ہوئے ہیں ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : مسٹر شہزاد گل ، یا آپ واک آؤٹ کر جائیں یا تشریف رکھیں ۔ یہ کوئی طریقہ نہیں ہے کہ آپ چلتے چلتے بول رہے ہیں ۔

**Mr. Deputy Chairman :** Now I put the question before the House. The motion is :

That the Bill further to amend the Post Office Act, 1898 [The Post Office (Amendment) Bill, 1973], as passed by the National Assembly be taken into consideration.

*(The motion was adopted)*

**Mr. Deputy Chairman :** Now we take the Bill clause by clause. As there is no amendment in the Bill. Therefore, I put clause 2 and 3 together.

Now the question before the House is :
That Clause 2 and 3 of the Bill may stand part of the Bill.

(*The motion was adopted*)

**Mr. Deputy Chairman :** Clause (2) and (3) stand part of the Bill. Now the question before the House is that Clause (1), Short title and Commencement and the Preamable may stand part of the Bill.

(*The motion was adopted*)

**Mr. Deputy Chairman :** Clause (1) and the Preamable form part of the Bill.

**Mr. Ghulam Mustafa Khan Jatoi :** Sir, I beg to move that :

The Bill further to amend the Post Office Act, 1898 [The Post Office (Amendment) Bill, 1973] be passed.

**Mr. Deputy Chairman :** The motion moved is :

(*The motion was adopted*)

**Mr. Deputy Chairman :** The Bill is passed.

THE HOUSE BUILDING CORPORATION AMENDMENT

**Ch. Mohammad Hanif Khan :** Sir, I beg to move :

That the Bill further to amend the House Building Finance' Corporation Act, 1952 [The House Building Finance Corporation (Amendment) Bill, 1973] be referred to the Standing Committee.

**Mr. Deputy Chairman :** But you have not moved the first motion.

**Mr. Abdul Hafeez Pirzada :** I will make the first motion.

Sir, on behalf of Dr. Mubashir Hassan, I beg to move that the Bill further to amend the House Building Finance Corporation Act, 1952 [The House Building Finance Corporation (Amendment) Bill, 1973], as passed by the National Assembly, be taken into consideration.

**Mr. Deputy Chairman :** The motion moved is :

**Ch. Mohammad Hanif Khan :** Sir, I move an amendment. I beg to move that the Bill further to amend the House Building Finance Corporation Act, 1952 [The House Building Finance Corporation

(Amendment) Bill, 1973] be referred to the Standing Committee as required by the rules.

**Mr. Deputy Chairman :** Now the motion before the House is :

That the Bill further to amend the House Building Finance Corporation Act, 1952 [The House Building Finance Corporation (Amendment) Bill, 1973] be referred to the Standing Committee concerned.

(*The motion was adopted*)

**Mr. Deputy Chairman :** The Bill is referred to the Standing Committee concerned.

As there is no item on the agenda, therefore, the Senate is adjourned to meet tomorrow, Friday the 14th December at Three of the clock.

The Senate adjourned to meet again at Three of the clock, in the evening on Friday, December 14, 1973.